نہ شرم ائی شبِ وصل اگر تو خواب آیا
غرض وہ نہین یوہین نیند آئی یا حجاب آیا

یہ اتحاد تہا قاصد تو کیون عتاب آیا
کہا تہا دل نی جو میری وہی جواب آیا

نزاکتون کی مقابل مین آب آب آیا
غشی جب آئی وہ نہین ہوش مین گلاب آیا

مقابل رخ روشن جب آفتاب آیا
چراغ روز بنا اسقدر حجاب آیا

سبب یہ تہا کہ جو مستو نمین انقلاب آیا
جدہر وہ انکھہ پہری ساغرِ شراب آیا

شراب پیکی جو بیٹھی تو ذکر خواب آیا — ہماری بخت سی نشہ مین بہی حجاب آیا

ہمین تو اپنا سمجھتی ہوی حجاب آیا — یہ روشناس کہا نکا تہا جو شباب آیا

چھپی وہ آئینہ مین جا کے بے حجاب آیا — نیا نیا جو وہان عالم شباب آیا

رگون سی سر مین مگر نشہ شراب آیا — طنابین کہنچ گئین گرد ونپہ آفتاب آیا

اجل کہا اوسی نا واقفان فرقت نی — جب ایک عمر گذرنے پہ مجکو خواب آیا

نہ مجھسی آپ بہی آکی امید رکھیئے گا — طلب بغیر تو موت آئی یا حجاب آیا

خدا نہ جوہر شمشیر سی نصیب کری — جگر کو چہان دیا وہ میسر آب آیا

مین ہی تو تہا سبب راحت عالم — مری ہی نیند کی وہ نیستی سی خواب آیا

ہماری آئنیسی تر ہو گئی پسینہ مین — جب آئی شرم تو تمکو نہ کچھ حجاب آیا

بغیر رزق تو تہا ہی نہ مانہ ای گردون — لگا یا قفل کہ پانی پہ ہر حباب آیا

زمانہ تیرہ و تاریک تہا جو زلفون سی — چراغ حسن لیی عالم شباب آیا

جب آئی شرم تو وہ تر ہوئی پسینے مین | پسینہ آیا تو پہر دوسرا حجاب آیا

وہ مست تہا مرے آنی سی جوش یہہ کہا یا | اوتر کے طاق سے خود شیشۂ شراب آیا

خدا کی شان کہ شرم آئی عکس آئینہ سے | وہ اپنی ہوی سے خود بہی حبابِ شباب آیا

نشانِ خطِ رخ ہی سنے لکہا کاغذ | نہ سمجہی کوئی کہ سادہ سا اک جواب آیا

بہر طریق ہوا عاشقون ہی کا مطلب | وہ سوئی چین سی مجکو اگر نہ خواب آیا

اسی سی اونکی ہی پردیکی حد سمجہہ لیں سب | حجابِ چشم مین آیا اگر حجاب آیا

مریضِ ہجر ہون شکوہ ہی گر تو اتنا ہی | عیادتونکو بہی میری کبہی نہ خواب آیا

دہمک نے پاؤنکی تربت مین یہ کہا مجہسے | خبر تجہی نہین یہان عالمِ شباب آیا

کسی سی بات کرین کیا وہ صورتِ تصویر | جو رخ پہ رنگ بہی آیا تو اک حجاب آیا

تمہاری طرح سی اسکو نہ دیکہتا کوئے | حجابِ چشم مین بیکار کو حجاب آیا

یہ کسکی نرگسِ جادو نے کردیا ذیقدر | جگہہ دی آنکہونمین لوگون نے تو حجاب آیا

یہی سمجھکے دکہاتی وہ چاندسی صورت — حجاب سی نہ کیا پردہ جب حجاب آیا

مثالِ ساحلِ دریا ہی بدنصیب ہنو — لبون کو کاٹ دیا وہ میسر آب آیا

پناہ حسن سہی ای عکس آئنہ اوسکے — ہٹا جو غیر یہ وہ عالم شباب آیا

کوئی تو ایسا ہی اوسکو کمال حاصل ہی — کہ نیچی آنکہہ ہوئی سبکی گر حجاب آیا

یہ اونکا روز کا ای قبر دوڑنا کیسا — سمجھہ چکا کہ وہان عالمِ شباب آیا

جہان مین تمسی زیادہ حسین شاید ہے — پسینہ آگیا تمکو بہی جب حجاب آیا

جری کی زخم سی بڑھتی ہی اوربہی ہمت — گرا ہی جو دل مین سنان آگ پر کباب آیا

شرار کرنیلگی عاشقو نپہ کچہہ چشمک — کمر کسے ہوے جب آگ پر کباب آیا

برنگِ سبزہ تو ضبطِ عطش ہوا ای شبنم — نہ تا بہ آب گیا مین مجہی تک آب آیا

وہ اور لوگ ہین غنچو نکی جو چٹک مین سوے — ہمین تو سبزہ صفت نیر پا بہی خواب آیا

تگرگ بار ہو گردون تو شکر لازم ہے — جہان کے واسطے بن بن کی دانہ آب آیا

وہی اب آنکھیں ہیں جو نیند کو ترستی ہیں
تہہ قدم کبھی مخمل کی طرح خواب آیا

کسی کے آنے کا احسان اب نہیں مجھپر
لحد پہ جو مری آیا پئے ثواب آیا

بھرا ہوا تھا نجانے یہ کب کا ای گردون
برس پڑا مری تربت پہ جب سحاب آیا

بھرے تھے کوٹ کے موتی وس آنکھ مین ایسے
کسی بہانے سے جب رو لیئے تو خواب آیا

عدم مین بھی یہی رونا ہے روز کا ماہر
کہ بھر بھر ائی ہوئی آنکھ سے حباب آیا

بس یہی کام اونھون نے سحر و شام کیا
بھر کے آنکھون مین تہ کلی قلب مین ابرام کیا

دل کے گھر مین اونھون نے اگر آرام کیا
بھر کے آنکھون مین تماشائی سر بام کیا

سب جسے آئی ہی جوانی یہی دیکھا ہمنے
جاگ کر رات کٹی صبحکو آرام کیا

اسکو کیا کہتے ہین یون جاگ کے کاٹین راتین
وصل کی شب جب ہوئی شام سی آرام کیا

عمر بھر ناز اوٹھاتا تو کوئی سے شے ہنوا
لاش دم بھر کو اوٹھائی تو بڑا کام کیا

غزل ۲۱	وله	شعر ۴

صلح منظور تھی تو حسن کو لڑنا ہی نتھا	عکس کو آئینہ کے بیچ مین پڑنا ہی نتھا
دیکھی مجھ سے نگہیں ملتی کہ لڑنا ہی نتھا	جسکو کہتی ہین بگڑنا و بگڑنا ہی نتھا
اونسی تقصیر نہین ہوئی صلح تو مین سمجھا	آنکھین لڑنا ہے جسے کہتی ہین وہ لڑنا ہی نتھا

غزل ۲۰	کیا ہوا لطف ہوا جو اشارے سے جھکا سرو کو سامنے وقت قد کے اکڑنا ہی نتھا	شعر ۱

جلال حسن اونہین نشہ شراب ہوا	جو منہ تھا چاند سا آخر کو آفتاب ہوا

غزل ۲۲	وله	شعر ۸۳

تم نہ تھی جبتک مزاج بزم بھی ناساز تھا	چنگ افتادہ جہان تھا اک پڑی آواز تھا
عکس آئینہ بھی ناواقف تھا گو دمساز تھا	خود سی بھی بیگانہ تھا جب دلمین میری ساز تھا
رقص مین رنگین صدا کو جب چمن سی ساز تھا	پنکھڑی کھلتی کلی کی شعبۂ آواز تھا

حاضری بھی اپنی روز و شبکو ناز تھا — کیا اشارہ اونکی آنکھونکا زمانہ ساز تھا

عکس آئینہ کو بھی تجھ دعوی ٔ انداز تھا — تھین ادائین تو کسیکی اور کسیکو ناز تھا

ضعف جب ساری مرا ہنگامِ بزم ساز تھا — چنگ کا نالہ شکست رنگ کی آواز تھا

سوزِ دل سی جسم مین اعراض کا انداز تھا — جب سپند آتش پہ تھا آواز ہی آواز تھا

کھلتی کلیونکو تو اچھا اک ہنسی سی ساز تھا — بو ہوا پر کیون نہی ملکیا او سنمین بھی رنگِ ناز تھا

نے تمہارے کیا مزاجِ ساز بھی ناساز تھا — چنگ کی نوبت یہ تھی اک بند سی آواز تھا

ضعف مین جب طائرِ تصویر سے کچھ ساز تھا — رنگ کا تھمنا بدن پر مانعِ پرواز تھا

کچھ وہی جانین کہ کسکا حسن بے ممتاز تھا — جام مین مے بھی تھی اور اون آنکھونمین خوابِ ناز تھا

مثل شہنا بی صدا ہو یہ یا تو نے ناز تھا — یا وہی مین اونکی منہ سی صاحب آواز تھا

ایک رونے پر تمہاری مجھکو یون روتے تھی لوگ — دوش صرصر پر جنازہ صور آواز تھا

بوی غنچہ بنگیا تھا کیا مین ہنگام گناہ — لاکھ پردونمین بھی تھا پنہان تو پردہ باز تھا

ہمتِ مردانگی غم کے شکنجوں میں خموش — جنتری میں تارِ رگ کھنچتا تھا نے آواز تھا

تیرگی تا شامِ فرقت میں یہ کم تھی وحشتی — دستِ نالہ میں چراغِ شعلہ آواز تھا

لاغری کی دم نکلنے سے پہلی کھوئیں نہ وہ — ہچکیاں مضرابِ نالہ تار کی آواز تھا

میرے نالوں کا تمھیں دھوکا تھا زلفوں کی قسم — سائیں سائیں رات کرتی تھی میں نے آواز تھا

مری شرمِ گنہ تھی سرنگوں رہتی تھی جو — سب سے منہ جسنے چھپایا تھا وہ میرا راز تھا

سوزِ دل سی تنگ وڑا تھا یہ مرا فرقت کی شب — منہ کا عالم تھا کہ اک مہتاب آتشباز تھا

سانس دی آخر فلک نے کہکشاں کے نام سے — اسقدر عالم مری نالوں سے پر آواز تھا

ناز اوٹھا لاش اوٹھانے کا سبب سارا یہ تھا — ناز اوٹھانی پہ ہمیں اپنی بہت کچھ ناز تھا

بڑھگئی خودبینوں سے اور بھی رُخ کی صفا — خود وہ کیا تھا آئنہ جسکا جلا پرداز تھا

کھیل کر آیا پپوٹوں سی گلِ رخسار پر — اسقدر کاجل اون آنکھوں کا نظر انداز تھا

ہو رہا تھا قتل کرنی کا مری جب مشورہ — منہ تھا ہر سوفار کا اور گوش تیر انداز تھا

ہجر مین سنتا کوئی کیونکر مری فریاد کو
دود دل ہنگام نالہ سرمۂ آواز تھا

قتل ناحق کا ہوا آخر کو بدلا کچھہ نکچھہ
خون رنگ تیغ تھا اور دست صیقل ساز تھا

پیش آتا راستی سے کسطرح گردون دون
جو حسین تھا مجھسے وہ مثل کلہ کجباز تھا

دیکے دل دستہ ٹھوکر اونسے کیون نہ پونچھون مین
جان کر انجان بننی کا عجب انداز تھا

دستکاری مین تجھی اظہار کی حاجت نہین
آئنہ شمشیر تھی خود حال صیقل ساز تھا

چھوٹتی کیونکر برنگ بو نہ آخر بات بہی
غنچۂ گل مین تہی نکہت میرے دلمین راز تھا

وہ تو وہ اے بیخودی مجہہ تک نہ آئی کچھہ صدا
ٹوٹنا دل کا مری طرح بے آواز تھا

اونگلیان کانونمین دیکر پڑ رہتا کسطرح
بولتی راتونکا سناٹا مرا دمساز تھا

تیر چل جاتی تہی اولٹی خونکی دہارونکی ساتھ
سخت جانونکا نشانہ خود بہی تیر انداز تھا

شوق کی نظرونے کام اپنا جو کرنا تہا کیا
بیخبر کیون اونسے اتنا وونکا خواب ناز تہا

اک اشارے مین قلم کے کہنچ گئے کیونکر حضور
آپکو اپنی کشش پر تو بہت کچھہ ناز تہا

ایک دنی تہا یہ زور ابر و باد و دود آہ
خود چراغ زیر دامن شعلۂ آواز تہا

دیکہہ تو حسرت مین کیسی ان لگی جاتی تہی پیٹھ
کون تربت پر مری نو خرام ناز تہا

وای میدردی شی آیا اوسپہ بہی کچہہ نہ رحم
تو سے کتنا گریزان دست تیر انداز تہا

خدمت ظالم لگادیتی ہی دہبا کچہہ نہ کچہہ
تیغ جب وجلی تہی میلاد صیقل ساز تہا

کیون نہو جاتا فنا طعن زبان سی ضعف مین
مجکو آوازہ شکست رنگ کا ناساز تہا

اتنی مدت تک تو سے رکہتی تہی مانند اونکی بات
کچہہ نشان تہی و سمجہہ دلمین جہان پر راز تہا

سایۂ طائر کی صورت حسرت نالہ رہی
کہل کے رہجاتا نہ کیونکر منہہ بہی اواز تہا

رہگیا تہا کیا یوہین خالی پہڑک کر قید مین
تیلیونکی جا قفس مین ہر پر پرواز تہا

آئنہ لیکر مین اونکی ہاتہہ سے نادم ہوئی ن
ایسی ہی کوئی ادا تہی جسپہ اونکو ناز تہا

میرے آگے تیلیان توڑین نہ قید قفس
زور بازو پر کبہی مجہکو بہی اپنی ناز تہا

کیونکر اب میر نشانی مین خطا کرتے خدنگ
گوشۂ آلی کمان مین دست تیر انداز تہا

کس سے پوچھون ہر تہا دونونمین کسکا تلخ تر
منہ مین افعی کے تہا چھالا امیر دلمین ساز تہا

دل پہ جو گذری وہ رنگ رُخ نی منہ پر کہدیا
وہ چھپاتا کسطرح سی درد جسکا راز تہا

دیکھتی ہی خود جوانی اولٹی آنکھون سی اوسی
فرق پر اونکی کلاہ کج کا وہ انداز تہا

یاد ابرُو مین نہ ٹھہری مثل نالہ دوست بہی
آنچ ہی تلوار کی یا شعلۂ آواز تہا

ذکر کیا اور اونکا خود اپنی ادا پر گر پڑی
جہلکی اوکھلا کر پلٹ جانیکا وہ انداز تہا

میری مر جانیکا دہوکا کیون ہوتا ہجر کو
شب بہی سناٹی مین تہی اسطرح بی آواز تہا

بوجہہ اونکا خود اونہین کے سر پڑا انجام کار
وہ اوٹھا سکتے تھے لاشہ اوٹھا سکے ناز تہا

طائر تصویر ہون کیونکر چھپاتا درد قید
رنگ کا اوڑنا دلیل حسرت پرواز تہا

بعد بربادی کہُلا مجھپر کہ انسان تو نہ تھا
بوئی گُل یا گرد رہ یا دود یا آواز تہا

آتی دیکھا تیر اور اپنی نہ جا سے ہل سکا
یون نظر گاڑی ہو جسپر قدر انداز تہا

مثل نقش پا ہوا آخر وہین پیوند خاک
لوگ اوٹھا سکتے کسطرح کیا مین تیرا ناز تہا

پہلی اوتا وک فگن تیری نظر ہی تہی ہدف
کچھہ خبر اپنی ہی تہی مجھپر جو تیر انداز تہا

زور بازو نے کیا تہا بو غنچہ جب مجھی
سو قفس تہی پر نہ اک ہی بانغ پرواز تہا

پیچھے ہٹنے پر ظالم کے گمان نیک کر
جو کشیدہ تہا وہی تو ہات تیر انداز تہا

ہات اپنی اینٹھی جاتی ہین یہ ہین سے نزع مین
ہمکو اعضا کی رفاقت پہ کیسا ناز تہا

جاؤ بیجا کچھہ نہ تھا سطح لپٹی ردا
تہا جوانی کا جو سونا قہر کا انداز تہا

بند ہوتے میکدہ کی راہ کیونکر واعظو
جب نظر کی در نشان بات تیرے باز تہا

اٹھ جاتین کسکی سازش سے گئی منت کی چیز
اک بناوٹ کی غشی تہی لیک خوابناز تہا

آفرین دل کو کہو سکی ہی تہی کوئی بساط
ایک عالم نے اوٹہایا جسکو وہ ناز تہا

سخت جانی ہو گئی تیری عیش رسوائی خلق
دم ہیلا کیونکر نکلتا روح پرور ناز تہا

حسن کی نیرنگیان دیکھین مگر سمجھی نہ یہ
شعبدہ تہا سحر تہا جادو تہا یا اعجاز تہا

حال شرتہ کا سر سیج سے آئی خبر کہلا
کیون نہ آتا اک زبان پر دلو نمین راز تہا

مورد انظار مردم ہوگئے ڈر انجام سی | بعد ناوک تہا ہدف پہلی نظر انداز تہا

چشم زخم جوہر شمشیر سی آخر ہوا | کتنا ہلکا خون کا تیرا شہید ناز تہا

اونکی چھیڑین کچہہ چلی جاتی تہین سوتے مین بہی | چشم کی گردش سہی گہوارہ مین خواب ناز تہا

اور تہین باتین جہان اک تہمت نالہ بہی تہی | بولتی تہی رات فرقت کی مینے آواز تہا

کاندہا دیکر ضد مری کہلی تو سب کہنے لگے | پاؤن پہیلاتا نکیون آخر شہید ناز تہا

اٹہا او اللہ سبکی پر یہ سنگینی مری | ایک عالم سی اوٹہا جو وہ میرا ناز تہا

کاندہا دینی کو تو چہپے ہو رہے تہی راہ مین | لاش اوٹہائے جسکو جاتی تہی وہ کسکا ناز تہا

گم ہوئے تہے ہوش جب غیرون مین تو کوئی نہتھا | ایک مین تہا دوسرا دل تیسرا خود راز تہا

ہی ہی گوشے وہان خلق سی اب دربدر | ناز پروردہ دل عشاق کا جو راز تہا

بہولنی والونکو رحمت کی ملی آخر سزا | آسمان ہر قطرہ باران سی تیر انداز تہا

زخم اپنی دل کی ہی تو دیکہہ او ناوک فگن | مین بہی اپنی پاس کی نظرون سے تیر انداز تہا

پہرادا ٹھی آفتِ جان اپنی نئی وقت مین
دونکو آنکھونکی اشارہی شبکو خوابِ ناز تہا

ہم باز آنکھو نکار کہنا بھی مبارک اے ادا
دیکھتی تہی خود جیسے کیسا وہ خواب ناز تہا

غزل ۲۹

اے معاذ اللہ ماہر تہا وہ عاصی دہر مین
رحمتِ باری کو جسکی مغفرت پر ناز تہا

شعر ۴۳

جب مے تہی تو کچھ حسن بہی تہا جلوہ گری کا
شیشہ تو اپا و تراسوا جامہ پری کا

کیون سبکو گمان ہے مری اشکونکی تری کا
پانی ہی چرایا ہوا زخمِ جگری کا

یہ بھی ہے نشان چرخ کی بیدادگری کا
داغونمین جو ہے رنگ گل نیلوفری کا

کیون غم نہ سلادے مجھے پیرانہ سری کا
جو آہ ہے جھونکا ہے نسیمِ سحری کا

قائل ہو نہین کیا برق تری جلوہ گری کا
کچھ یاد ہے ہنسنا تجھے زخمِ جگری کا

غل صبحِ قیامت کی تہی کیون جلوہ گری کا
کافور اوڑا ہے مرے زخمِ جگری کا

خود اونکو بھی دہوکا ہوا اشکونکی تری کا
کچھ دل جو پسیجا مرے دردِ جگری کا

نشہ مین اثر بھی نہین سوزِ جگری کا — سنتی تھی مزاج آگ بگولا ہی پری کا
خود رنگ ہی شاہد فلکِ نیلوفری کا — زنگار اوڑا ہی مری زخمِ جگری کا
بادہ جو پیا اونکی پسینی کی تری کا — ٹھرا نہ کبھی پاؤن نسیمِ سحری کا
بوٹا سی کسی قد کا ہے کب اشک مین جلوہ — نگ دستِ مژہ مین ہی عقیقِ شجری کا
ترٹی تھی تو کسوقت سے سرخ کے شیشے — انگور بندھا جب سے مرے زخمِ جگری کا
اے برق کبھی مین بھی تو رو دون صفتِ ابر — مجکو بھی تو کچھ شغل ہی سوزِ جگری کا
پھولونکی رگون نے بھی دیا خون چمن مین — نشتر جو پڑا موجِ نسیمِ سحری کا
کشتی کیطرح ڈوب گئے چرخ پہ تارے — دریا یہ چڑھا صبح کو شبنم کی تری کا
پھولونکی ہی سرِ شاخ کی زانو پہ جھکی ہین — کچھ غل جو سنا ہے مرے نے بالِ پری کا
اے وحشتِ دل مر گئے کیونکر ہون ہوا پر — ہون خاک پہ عالم ہی وہی جامہ دری کا
اولٹین ہین صفین ہوش نہین ایک مین باقی — می کا تھا یہ جلوہ کہ جھمکڑا تھا پری کا

پھولونکا یہ ہی رنگ کہ خود منھ کو دیئے ہیں
پیارا یہ طمانچہ ہے نسیم سحری کا

کیون خون دل اب ہوے نہ ناب نظر مین
ہر آبلہ انگور ہے زخم جگری کا

لالی وہی آخر کو ہوئی حسن رخ گل
کیا قہر طمانچہ تھا نسیم سحری کا

کچھ یہ نہ کھلا میکدہ دہر مین ہمکو
تھا قلب کہ شیشہ مئی خون جگری کا

صحرائے قیامت جسے کہتا ہے زمانہ
اک وہ بھی ہے دامن مرے زخم جگری کا

جانیسے شب وصل کے کیا دل ہی بجھا ہے
تارونپہ بھی عالم ہے چراغ سحری کا

گر آبلہ کوئی ہی کبھی پھوٹ بہا ہے
دل بیٹھ گیا ہے مری پیرانہ سری کا

ہر چیز نکیون حشر مین ہو آگ کے مول اب
بازار ہے وہ بھی مری سوز جگری کا

غل سیر کا ہے گھر سے نکل آئی ہین معشوق
جاتا ہے جنازہ مرا یا تخت پری کا

یون لخت جگر رونمین کا ہیکو ہون ضایع
دل کوئی جو رکھ لے مری پیرانہ سری

پھرتے ہو تو پتلی پہ قدم مثل مژہ ہون
ارمان ہے آنکھو کو بھی درد جگری کا

ہلتا ہے یہ سر ہی تو پھری جاتی ہیں آنکھیں
ڈھلتا ہے یہ منکا مری پیرانہ سری کا

سبزہ کو جگہ سینہ پہ کیونکر نہ زمین دے
ادھڑا ہوا پھاہا ہے یہ زخم جگری کا

پتی کوئی ہلتی ہی تو جنبان ہے کوئی شاخ
کچھ طرفہ اثر ہے مری بے بال و پری کا

آ بیٹھتے ہیں دل میں مرے ناز سے جب وہ
آنکھوں میں مزا آتا ہی درد جگری کا

ساقی سے کہو شیشوں سے ہشیار ہوا پی
انگور پھٹے گا مرے زخم جگری کا

کیون سر کی سفیدی کی گرہ ہو نہ پٹ ترڑا کے
دن ڈھل نہیں چکتا مری پیرانہ سری کا

سنتا تو نہیں کہتی ہیں شب ہجر کے عاشق
جاتا ہی ہوا اونہیں کہیں تخت پری کا

سر کی ہی ردا جنکی کوئی اونسی یہ کہدے
سونا ہی جوانی کا اور اسن پنجبری کا

برگ گل تر ٹوٹ کے گرتے ہیں زمین پر
اللہ اثر یہ مرے نالے بال و پری کا

دل گل کیطرح چاک ہو سبزہ کا چڑے ہر
کاٹا نہ کبھی موج نسیم سحری کا

ملجائیگی یہ صبح بھی محشر کی سحر سے
دن طول کریگا مری پیرانہ سری کا

کیون سینک تدین آبلی ہر بار تپک کے
کافور کی بُو کو تو ہوا آکے سنبھالی

حُرہ نہ کوئی تامرنی درد جگر ہی کا
ہات ایک ٹک پکڑے مری پیرانہ سری کا

غزل ۳۰

یہ رنگ شکستہ سی صدا آتی ہی ماہر
ٹوٹا ہوا دل ہی مری پیرانہ سری کا

شعر ۸۱

ردیف باء

بی کرن کیا میر یجان حسن چراغِ آفتاب
کولین بھوٹین تو دیکھو سیر باغِ آفتاب

ای فلک مستو ہنسے کر حفظ چراغِ آفتاب
بال ہی انکی نظر سہرا ایاغِ آفتاب

کیون شفق کو ن ہو نہ رنگ حسن ایاغِ آفتاب
ہین شعاعین موجِ صہبائی ایاغِ آفتاب

ای نہی صانع رہی صنع چراغِ آفتاب
دست کاری سی کرن کی گل ہی باغِ آفتاب

کسکی نظرین تہین خلط نور چراغِ آفتاب
بال پڑ نیسی رسا آخر ایاغِ آفتاب

صبح وصلت ہی تمھو دیکھو ایاغِ آفتاب
پھول کو پھوٹی کرن کی ہی باغِ آفتاب

یہ سمجھ ٹکری کرن سے جیب صبح داغ آفتاب
خانہ زادون ہی نے لوٹا خانہ باغ آفتاب

مست کیون ہون اب جو پائی سراغ آفتاب
دہوپ پھیلی ہے کہ چھلکا ہے ایاغ آفتاب

اب کسی سے کیا ملے گردون میں ایاغ آفتاب
ہین شعاعین اونکی مژگان چشم ایاغ آفتاب

میکشو پی غل ہو کیا شکل ایاغ آفتاب
جام جیب صبح گا کہ خالی ہو دماغ آفتاب

کیون نہ شب جا کر ہو ہنگام چراغ آفتاب
دور چشم مست ہے دورِ ایاغ آفتاب

چشم میگون مین ہے وہان عکس چراغ آفتاب
اب کسی سے کیا ملائے آنکھ ایاغ آفتاب

کیون شفق گون ہو نہ دریا صبحدم ملتے آسمان
نیچی نظرین بھی تو دیکھین سیر باغ آفتاب

یہ سمجھکر ہو شعلۂ صبح پر نازان فلک
ہین فتیلے لاکھ اور اک ہے چراغ آفتاب

دل ہے آئینہ تو ہو یون ہین شریک حال غیر
جسطرح ہے سینۂ دریا مین داغ آفتاب

شوق کی نظرون نے مستونکی بچا اسکو فلک
آنکھون آنکھون مین نہ بیجائین ایاغ آفتاب

یاد آیا جب شفق کی سیر مین دریا او نہین
بنگیے خط شعاعی نہر باغ آفتاب

خسرو اقلیم می ہون ہے یہ ادنی سا وقار | سر پہ رہتا ہے مرے تاجِ ایاغِ آفتاب

ساقیا بی نشہ ہے تاریک نظرون مین جہان | کاسۂ سر مین جلا دے اب چراغِ آفتاب

میکشون تک صبح سے آئے تو ہین تارِ شعاع | سلسلہ پاکر نہ پہنچا ہین ایاغِ آفتاب

کیون نہ چھپ جائے نگاہِ خلق سے اے میکشو | شب کو میخانہ مین جلتا ہی چراغِ آفتاب

تیرہ شب ہے فی حقیقت مین بہ گردِ ایام دہر | آسمان پر دن کو جلتا کیون چراغِ آفتاب

منھ اودہر کی نگہہ پر کیون نہو سیرِ شفق | کچھ کرن ہی لوٹتی ہی حسن باغِ آفتاب

گو وہ کہے پالون سے رکھا ہے مینا مین امیدِ شکست | ہی خطوطِ نور سے پر مو ایاغِ آفتاب

کیون فلک اس پر ہی ہی باندھے سیر عالم مین نہین | شب کو چھپ جائے جلے دن کو چراغِ آفتاب

اکس نگہہ سی شرم وہ صبحِ شفق گون تک گئی | بن گیا اک گل سے شکر حسن باغِ آفتاب

اک کہین پایا جہان بھر مین حسین اس عمر مین | جب ہوا جویا فلک لیکر چراغِ آفتاب

کیون بخار دل نکالی آتشِ فرقت نہ چرخ | کہو گیا ہے صورت دینار داغِ آفتاب

ہما جہان غم یوہین دیتی ہین غیرونکو بھی غم
جسطرح آئینہ مین ہو عکس داغ آفتاب

انکی خیل چرخ لینی آئی ہی فرقت کی تمام
دفن کی دہی صورت دینار داغ آفتاب

ہی غرض انکی شرار آتشین سی ساقیا
وہ چڑھی نشہ کہ جو سینکی داغ آفتاب

فیض پاکر سرکشی استاد سے اپنے نہ کر
نوربخش مہ ہی گل ہو کر چراغ آفتاب

میری داغ آتشین سی گر نہو تا خوفناک
تھرتھراتا اسقدر پھر کیون چراغ آفتاب

عزم رسوائی سی میری آسمان رسوا ہوا
اک لگا دھبا شفق کا ایک داغ آفتاب

صفائی دل تو غیرونسے بھی حاصل ہو فروغ
ہی چراغ مسکن دریا چراغ آفتاب

آجتک سرعت چلی آتی ہی نبض برق مین
ابر نے اکدن چھپایا تھا جو داغ آفتاب

عکس رہ ہوتا نہ گر عالم تو ای گردون دون
کوئی تو کہتا کہ ہنستا ہی چراغ آفتاب

طبع نورانی مین جو یا عیب ظلمت کا نہو
تیرگی کیسی تھہ پائی چراغ آفتاب

اتنی جلدی مست آئی میکدہ مین صبحدم
تھا ابھی ستہ ہی مین عکس ایاغ آفتاب

نازکی اونکی جو ہوتی تجھمین اے تارِ شعاع
چوٹ پڑتا ہاتھ سی سو بار ایاغِ آفتاب

حسن اونکا گر لگا دیتا نہ دھبا اے فلک
جا کے شبنم باغ سی ہوتی نہ داغِ آفتاب

گر بہارِ دہر کی کچھ اصل ہوتی اے فلک
گلفشان ہوتا کسیدن تو چراغِ آفتاب

جب زرِ انجم بخیلِ چرخ کو اتنے ملین
شبکو خوردہ کیون نہو دینار داغِ آفتاب

شامِ فرقت کا اثر یہ ہی فلک کیسا غروب
تیرگی ہی نہین دیتی سراغِ آفتاب

ہو نہین رندِ آسمان پوچھو نہ گرمی مزاج
میری ہونٹونکا ہی تبخالہ ایاغِ آفتاب

نام جسکا وہ کری روشن بجھا ئی اسکو کون
روز دریا مین بھی جلتا ہی چراغِ آفتاب

میری عالی ہمتی سی ہی فلک کیا ہے بعید
نشہ گر چڑھکر کری سیرِ دماغِ آفتاب

کی نہ شرکت سوزِ دل مین ایک نے غیر از شعاع
رشتہ دارون ہی کو تھا کچھ سوزِ داغِ آفتاب

دل جلونکی کب نظر پڑتی ہی حسنِ باغ پر
دل مین لالہ کے کھپا ہی رنگ داغِ آفتاب

جسنے چن دھبا لگا دکھیا نہ پھر چھٹتی ہوئی
آسمان بھی ہو یا کری دریا مین داغِ آفتاب

ساقیون کا اب گلہ کس سی کرون وای شام ہجر
گر گیا جب چشم پوشی خود ایاغ آفتاب

سوز دل مین کیون نہ گذرین زندگی کی دن مری
کھولکر آنکھین جو دیکھا تھا تو داغ آفتاب

مست کیون جامہ سی باہر ہون نہ اپنی تار شعاع
موج می غوطی ہی بہروان ایاغ آفتاب

شب کو زیر خاک جاتا تھا تو کہتا تھا فلک
اک اندھیری قبر مین جلتا چراغ آفتاب

آنکھ اوٹھا کر بھی نہ دیکھا اک حسین فی الفلک
کیا بنا تھا خاک سی میری ایاغ آفتاب

حیف ہی انسان ہو کر عیب لوگون کی کھول
اوڑھ کے دامن مین چھپایا خاک داغ آفتاب

ہو رہی مین سا بہی تہی قسمت اے بادہ کشو
گر ملا بہی منھ سی تو خالی ایاغ آفتاب

کیون جلون گرمی سی می کی مین مثل ذرہ جشر
مین نہون ہو لبہی لب الفت سی ایاغ آفتاب

ہی شعاعین یا نگاہون مین پچاتی ہی صبح
دست نازک پر یہ کی ہی ایاغ آفتاب

یہ سمجھکر بزم مین ساغر کو آنے دیجیے
بوسہ لینے لب کا آیا ہی ایاغ آفتاب

گو ضعیفی سی ہون ڈہلتا دن مگر اے آسمان
دل کبھی میرا تو بجھہ جاے چراغ آفتاب

دفن زیرِ خاک ہوئی ہی کہلی گیسوی شب
لے کے ہاتھونکا یہ کشتہ تہا چراغِ آفتاب

بیٹھی ہین زیرِ فلک پہلی سی مستی اس شوق مین
صبح ہو لے کھپو شفق چھلکی ایاغِ آفتاب

آخرِ مستونکی دم بھر نیکلو ای تارِ شعاع
کچہہ تو کھینچ آئی ہی صہبای ایاغِ آفتاب

کیا کہون اوجِ کدورت کو مین ای بادہ کشو
گردِ غم بیٹھی تو ہو دُردِ ایاغِ آفتاب

روز و شب کی گردشونکو کیون نہ دو آنکھون مین جا
دور چشمِ مست سے دورِ ایاغِ آفتاب

دیدی اپنی دستِ نازک سی کبھی ای شعاع
گر نہین ہاتھون سے تھم سکتا ایاغِ آفتاب

ای فلک دفن شبِ فرقت کا دیکھا کچہہ اثر
زنگ آلودہ ہوا دنیار داغِ آفتاب

دیدنی پھر روز و شب ہوتی عزادتی سرآ
ساتھ آنکھونکی اگر پھرتا ایاغِ آفتاب

میکشی کیسی فلک وسن چشمِ میگونکی قسم
آنکھ بھر کر بھی جو دیکھا ہو ایاغِ آفتاب

دردِ انجم تک نچھوڑا جذب سی ہنگام صبح
خاکِ میکش سی بنا تہا کیا ایاغِ آفتاب

چار آنکھین کیجی ہین میکش تو ہی لطفِ سحر
چار گوشہ ہین جہانکی چار باغِ آفتاب

کچھہ صدائی رعد کا مطلب بہی سمجھو میکشو
کان بہرتا ہی فلک وقت ایاغِ آفتاب

کیون صدائی رعد سی گر پڑی مستون کی چوٹ
گیا بجا کر برق نی دکہیا ایاغِ آفتاب

کیون شعاعونکو نہ راہِ دل کہون ای میکشو
یہان ہلین پلکین وہان چہلکا ایاغِ آفتاب

دیکھہ انگشتِ شعاع ای چرخ اشاری کو سمجہہ
ہون مین ہی مستون مین ذبیحِ ایاغِ آفتاب

ای شفق مجکو تری ہی خونِ ناحق کی قسم
دل بجہا ہون مین نہ پیونگا چراغِ آفتاب

دیکھ ساغر کان اس سُنّی کی بہی مشتاق ہین
آنکہین ہی پہٹین اگر دیکھی ایاغِ آفتاب

کہدی دیم توڑتی مستون سے ای تارِ شعاع
بال کے بہر فرق پر اب ہی ایاغِ آفتاب

دہوپ مستونکی طرح گہٹ بڑہ تین کیون ساقیو
آسمان پر کیا لچکتا ہی ایاغِ آفتاب

غزل ۴۲	جا پڑین جا بہر عجب کیا مست بہی مثلِ شعاع ہاتہہ بہر کی فاصلہ پر ہی ایاغِ آفتاب	شعر ۹

ردیف بائی فارسی

جب بلند اپنا ہوا نام و نشان آپسے آپ
ہنگیا مثل حبابون کے مکان آپسے آپ

کیون نہ ہو سکو ترٹپنے کا گمان آپسے آپ
مٹ گیا اسے مری تربت کا نشان آپسے آپ

برہمی کی نہ کوئی بات نہ باعث نہ سبب
بگڑی جاتی ہو کچھ ای جان جہان آپسے آپ

غزل ٣١

نام لین پاس کا کیا زخمی تیغ الفت
منھ سے فوارہ نکلی ہے زبان آپسے آپ

شعر ١٥

ردیف تای فوقانی

کون ٹہرہ سکتا قیامت تہا قد دلجوی دوست
ایڑیون تک آکے آخر رہگئے گیسوی دوست

اسرا دلسے قتل ہوتا ہون تہہ زانوی دوست
لپیٹے جلتے ہین بلائین منھکی خود گیسوی دوست

ہی یہ حسرت قتل ہون تو یون تہ زانوی دوست
لوٹتی جاتی ہون منھ پر پیچ ہین گیسوی دوست

یون جہکائے ذبح مین ای سخت جانی روی دوست
حلق پر خنجر ہو اور خنجر پہ ہون ابروی دوست

اف رے جذب دل او ترا ای شیشہ روی دوست
میری نظرون سے جو آئینہ نے دیکہا سوی دوست

اُف رے جذبِ دل مری خو بنگئی ہی خوی دوست
ڈھونڈھتا پھرتا ہون اوسکو مین مجکو بوی دوست

کیا خبر گل کی کہ ہوا انجام سرچڑھنی کا کیا
آگئے ہین ایڑیون تک آج ہی گیسوی دوست

مردم آبی پھنسے خود گردشِ گرداب مین
بازوونکی مچھلیان جب پھر کے آئین سوی دوست

انتہا ہے بچگئی ای سخت جانی رحم کر
پڑگئی خنجر مین ہی بل صورت ابروی دوست

سختِ جانی بھی مزا دیگی ہماری قتل مین
حسن بڑھ جائیگا جب بھرجائینگے بازوی دوست

دستِ قاتل کو تکان دیکی کہتا ہون آپ خود
ایک گلا اب اور ہے اے قوتِ بازوی دوست

ایک ہی گردش مین گذری حلق سے خنجر کی دھار
چوم لیتا مین مجا ہے کوئی بازوی دوست

تام سے خط کی نظر آنیلگی رُخ پر نگاہ
اسقدر آنکھین جما کر مین نے دیکھا سوی دوست

مجھپہ تو تیار ہی تھی قتل کرنیکے لیے
حسن یہ ہی بھرگئے خود دوست سے بازوی دوست

غزل ۳۴

حسن اور تابِ کششِ ماہ خلاف عقل ہے
شانہ کے کھچنے سے کتنا چڑھ گئے بازوی دوست

شعر ۲۵

ردیف حاء

تن کو ضرر نہ اشکو نسی پہونچا کسی طرح
گھر سیل سی بھی گرا نہ ہمارا کسی طرح

حل رُوح کا ہوا نہ معمّا کسی طرح
آفت کا تہا طلسم نہ ٹوٹا کسی طرح

دل علم سی بھرا نہ ہمارا کسی طرح
دریا سی بھی یہ جام نہ چھلکا کسی طرح

پہونچا بتون سی دل کو نہ صدما کسی طرح
شیشہ یہ سنگ سے بھی نہ ٹوٹا کسی طرح

گر دل گرفتگی مری پاتا کسی طرح
کھلتا بہار مین بھی نہ غنچا کسی طرح

سن بارِ معصیت پہ نہ ٹھرا کسی طرح
لنگر سی بھی رکا نہ سفینا کسی طرح

پیجاؤن آنسوؤنکو یہ امرِ محال ہی
اولٹا کبھی بہیگا نہ دریا کسی طرح

ظاہر ہوا نہ داغِ نہان قیس و شیب بھی
دن کو بھی آفتاب نہ نکلا کسی طرح

مثل عصا تہا کیا مین گئی نگاہ دہر مین
بی دستگیر پاؤن نہ اوٹھا کسی طرح

تا چشم لیلی دل سی بآب اشکِ غم
اوترا کبھی نہ چڑھکے دریا کسی طرح

چاک اسطرح کرین گے پھٹی جسطرح غبار
وحشی جو پائین دامن صحرا کسی طرح

مجھ سخت جان کو غم نے نہ چھوڑا تمام عمر
پتھر کا تھا جو نقش نہ بگڑا کسی طرح

کیون فرط ضعف سے نہ زمین گیر مین رہون
اوٹھتا نہین ہی نقش کف پا کسی طرح

دلمین نہ رہ سکیگا کبھی آب اشک غم
کوزی مین بند ہوگا نہ دریا کسی طرح

کم اشک ریزیون سے نہوگی تری چشم
صرف حباب ہوگا نہ دریا کسی طرح

حیرت ہی آنسوؤن سے ہوا سوز غم نہ کم
آتش کو آب نے نہ بجھایا کسی طرح

پھندی مین آشنا کے نکیون پھنسا رہون
دریا نہ دام موج سے نکلا کسی طرح

اے بیخودی مژہ کی نہ ہوتی جو مجکو یاد
کانٹا سا دلمین پھر نہ کھٹکتا کسی طرح

چنبر کیطرح سوز درون نے کیا جو گرم
چہرے پہ کوئی رنگ نہ ٹھہرا کسی طرح

بعد فنا بھی نظرون مین صورت رہی مری
وہ نقش ہون جو بنکے نہ بگڑا کسی طرح

گرم سخن رقیب سے ہوتی وہ گر نہ وہان
یہان دل کا آبلہ نہ ٹپکتا کسی طرح

ای ضعف درد دل سے مین کہان نکلگیا ہون اب
بیخود برسا آنسوؤن کا جو اوٹھا کسی طرح

چین جبین کو محو کرون کسطرح سے مین
مٹتا بھی ہے نصیب کا لکھا کسی طرح

اچھا ہوا کسیکی جو دل سے ملا نہ دل
بچتا نہ لڑکے شیشے سے شیشہ کسی طرح

غزل ۴۳ — شعر ۱۲

روتی مین گرد غم کو تو ما ہوا عروج
ورنہ غبار منہ مین نہ اوٹھا کسی طرح

ہے تکدر کسیکی دل مین مجھ پہ مکدر کیطرح
ہر نفس ہے یہان غبار آلودہ صرصر کیطرح

تیز دم کیونکر رہے ہمپر نہ خنجر کیطرح
جان سخت اپنی ہے تیغ غم کو پتھر کیطرح

سوز غم سے ہے جگر بھی دل بھی اخگر کیطرح
سینہ ہے مجمر تو آہین دود مجمر کیطرح

ضعف نے کسکو جہان مین مجھسے لاغر کیطرح
چوٹ مجکو پھول سے لگتی ہے پتھر کیطرح

فرش خاکی پہ ہے تکیہ مسند زر کیطرح
فقر مین اپنی [illegible] ہے تونگر کیطرح

تیز ہے خنجر سے اونکی مین لاغر کٹ گیا
زیر تیغ خامہ تھا کیا خط مسطر کیطرح

سوزشِ غم سی سراپا ہون دھوان ہجر مین
ہی ہر اک موئی بدن ہی جسکو نشتر کیطرح

سبزۂ عارض ہی وہ دیکھی لبِ گرد میں حضور
آئنہ مین عکسِ خط رہجائی جوہر کیطرح

ہی جوشِ فصلِ گل ایسی کہ ہر محفل ہی باغ
شمع کا شعلہ شگفتہ ہی گلِ تر کیطرح

ابرِ نیسان طبع رسا نظم مین غواص ہون
ذہن ہی مثلِ صدف مضمون ہین گوہر کیطرح

صاف مین ہی ہو گیا قلبِ صفا کو دیکھکر
آئنہ گر ہی یہ آئینہ سکندر کیطرح

فرقتِ جانان مین آئی منہ کو کیونکر دل مرا
پا بگل گردِ الم مین ہے صنوبر کیطرح

موجِ اشکِ غم مین نالی طبل آہن ہین علم
ہی غبارِ دل ہمارا گردِ لشکر کیطرح

ضبطِ گریہ مین ہی مجکو ضبط جو تو نظر
موجزن ہین اشک آنکھون مین سمندر کیطرح

شمعِ داغِ ہجر کی سوزش سی آتش مین اگر
پر سمندر کی جلین پروانے کے پر کیطرح

ناتوانی مین ستم ڈہاتی ہی آہِ سرد اور
گرتی ہین آنکھون سی آنسو جسم کے پتھر کیطرح

تھا وہ لاغر دیدہ سی وہ نکلی جو کچھ پانی بھرا
تر بہا مین تارِ اشکِ دیدۂ تر کیطرح

فکر مین باریکیِ مضمونکی ٹپکا ہے یہ سر
کاسۂ زانو ہی پہ مُو کاسۂ سر کیطرح

دل گرفتہ کب رہا افتادہ اوٹھا کر حزین
کھل گیا دل بعدِ اشکِ دیدۂ تر کیطرح

رہنما سمجھین نہ مجھ لاغر کو کیون اہلِ سواد
صفحۂ عالم مین ہون مین خطِ مسطر کیطرح

مین وہ سالک ہون چلا ایسی رہِ حسنِ سلوک
لیگئے رہزن مجھی منزل پہ رہبر کیطرح

سختیونکی کوفت نے مشکل سے توڑا دل مرا
یہ وہ شیشہ تہا جو ٹوٹا بہی تو پتھر کیطرح

کون ہی بحرِ جہانمین جو مرا دشمن نہین
تشنۂ خون موجِ دریا بہی ہے خنجر کیطرح

صاحبِ عزت سمجھکر دیگا گردشِ آسمان
آبرو غلطان کریگی مجھکو گوہر کیطرح

زندگی سے ہون زِ غم مین کیون نہ رکھون مین خلش
دلکی پھوڑیکو رگِ جان بہی ہی نشتر کیطرح

ہون وہ بلبل گر قفس مین عشقِ گُل کا دم بہرون
خود کھنچ آئی بوستان بوئے گُلِ تر کیطرح

سامنا بربادیونکا ہی تہمون کیونکر مین نزار
جب خسِ تن کو اوڑائی آہ صرصر کیطرح

ناتوانی نی سبک تابوت یہ میرا کیا
لیچلی بادِ صبا بوئے گُلِ تر کیطرح

دلکو اپنی صاف کر تو گر بشکل آئنہ
خلق مین شہرت ہو تیری بھی سکندر کیطرح

خسرو ملکِ جنون ہون تاجِ زر سی کیا غرض
داغِ سودا میری زیبِ سر ہی افسر کیطرح

اضطرابِ دل گیا جب قتل قاتل نی کیا
راحتین خنجر نے دین آغوشِ مادر کیطرح

یادِ بحرِ حسن مین رویا جو فرشِ خواب پر
تر ہوا بستر مرا پانی کی چادر کیطرح

خود بخود پہونچیگا اونتک میری بیتابی کا حال
خطِ شوق اوڑ جائیگا میرا کبوتر کیطرح

دوستون نے بھر کے آہ سرد میری جان لی
شمع کی پروانے بھی دشمن تھی صرصر کیطرح

خانۂ آباد کیے نظم کو اپنی دلا
ہین مکین گویا معانی بیت کے گھر کیطرح

کیون نہ اونکو بزم مین سب اک زبان کشتہ کہین
ہین بغیرِ شعلہ شمعین جسمِ بیسر کیطرح

شور انگیزِ دو عالم کیون نہو میرا کلام
تر زبان ہو گئین زبانِ موجِ کوثر کیطرح

کونسی ہلکین کا ہی بیڑا یہ خشکی مین تباہ ق
جسکی غم سی ہی تلاطم بحر مین بر کیطرح

جو ہین مثلِ ماہیِ بی آب ہین سارے طپان
ہر حبابِ بحر بھی ہی دیدۂ تر کیطرح

کشتیِ طوفان رسیدہ فرطِ غم سی نالۂ ہین تہ و زبر	جوشش زن رہ رہ کے دریا ہین سمندر کیطرح
گر دکھاتا باغ بُلبُل کو کبھی جوشِ بہار	غنچۂ منقار بھی کھِلتا گُل تر کیطرح

غزل ۳۷	پیچھے پیچھے اشک ہین ہمراہ جوشِ کاروان آگے آگے نالۂ دل بھی ہین رہبر کی طرح	شعر ۲

آئے جائے دم تو اوس لیلیٰ شمایل کیطرح	دل وہ دل ہی تہ و بالا ہو محمل کیطرح
خارہای دشت سے کہدو کہ لینگی کب خبر	آبلے بھی بیٹھی جاتی ہین مری دل کیطرح

غزل ۳۶	ردیف الرا	شعر ۴۲

نشان اونہین کے نظر آ رہی ہین جوہر پر	تڑپ کے جان کو نے جو دی تہی خنجر پر
یہ اونسی آئنہ کہتا ہی جوشِ جوہر پر	نگہ وہی ہی کہ جس سی نشان ہون پتھر پر
ہو دل تو اور ہی ہو حسنِ قدِ دلبر پر	کہ فاختہ بھی ہی طوق میرِ صنوبر پر
عوض کا خوف ہے طاری ہی دلِ ستمگر پر	ہوی ہی قطرۂ خون الکیل جو خنجر پر

مین خوگر ہی عشق سی مائل ہون قد دلبر پر
نہ دلکو طوبی نہ قمری کری صنوبر پر

ہنسی کا نام نہین برہمی ہے تیور پر
بہم جو لپٹی ہوئی گل پڑی ہین بستر پر

گر اسکا بوجھ ہو کچھ گردنِ ستمگر پر
سمٹ کے خون مرا قطرہ بنی نہ خنجر پر

وہان ہی سنگین نظر آب پر نہ جوہر پر
مین ہنس رہا ہون کہ خنجر کھنچی ہین خنجر پر

سزا تو چاہیے تھی مجکو خط کے لکھنی کی
اونھون نے پھیر دی الٹی چھری کبوتر پر

ہین اونکی بات کا وصلت مین کیا برا مانون
جو لوٹ لوٹ کے اب تک بچھی ہین بستر پر

مین عین ہوش کہون کیون نہ نشۂ مے کو
گرا بھی اوٹھ کے کوئی مست گر تو ساغر پر

شب فراق ہی گھر سائین سائین کرتا ہے
بغل مین منہ کو مین ڈالی پڑا ہون بستر پر

مضائقہ نہین جھولی صبا کی بھی بھر دو
ملی دولی ہو جو کچھ گل پڑے ہین بستر پر

گواہ اسپہ بلندی نالہ ہے شاہد
اوٹھا لیا تھا کبھی مین نے آسمان سر پر

کچھ آج اور ہی رام خاص کی ہے ادا
گلو مین دل کی بلا ہی مرا جو بستر پر

یہی نہین شب فرقت مین اک فقط بیدم
شکن بھی صورت میت پڑی ہی بستر پر

غش آئے کیون نہ اونہین کم سنی مین ذبح کے بعد
مرے ہوؤنکا لہو دوڑتا ہی خنجر پر

ہوا یہ رنگ وہ ساقی بنے جو محفل مین
ہزار ہاتھ پڑے بڑھکے ایک ساغر پر

اخیر شب کو تو بالکل نہ تاب حسن رہی
سنبھل سنبھل کے گری ہی وہ اونکے بستر پر

جو بانہین ڈالنا گردن مین اونسے سیکھے تھی
وہ پھول پھول سی لپٹی پڑی ہین بستر پر

شراب چلتی ہی یہ میکدہ مین تنگ ہوا
وہ لڑکھڑا کے سبو پر گرا یہ ساغر پر

ذرا سے سن مین وہ ترجیح کسکے حسن دین
فلک پہ نجم ہین جگنو ہین اونکی بستر پر

سلاتی ہے لڑین ہی اور سپہ یون سوئین
گہ اپنے فرش ہی مین گہ پڑے ہے بستر پر

لبون سے اونکے جو ملکر پھرا ہی محفل مین
دھرے ہے پیالے سے شیشہ بھی منہ کو ساغر پر

یہ چنکا سن ہے مین خط کی ہی طلب اونسے
جو پڑ رہی پھیرے ہین چھری کبوتر پر

ہوا ہی سر مین جو بام پر جو آسے لیٹے
بلائین لین مرے بدلے گلون نے بستر پر

جنونکی جوش مین کھلتی تو ہین مری فصدین — لہوکی دھار سے نشتر پہ ٹپکے نشتر پر

ہوا بند ہی ہے یہ وصلت مین مگر باتونکی — وہ لوٹی جاتی ہین گل ہنس رہی ہین بستر پر

کھوے قمریون سے دل مین کھوئے بیٹھا ہون — نہ سامنے مری کوکو کرین صنوبر پر

گلونکی ہاتھ سے ملکر جگر پہ آئے ہین — وہ پیاری پائی ہی کمی کسیکی بستر پر

بہار آتی ہوئی ادھر رکی ہے کہین — کہ رکھی ہین کلین کھول و گل کے بستر پر

گران ہی آئنہ رویونکو وہ بھی واہ ری بخت — بھرا ہے روکے جو پانی سا جسم لاغر پر

اوسی اثر سے شرر آجتک نکلتے ہین — کبھی جو حسن کی بجلی گری تھی پتھر پر

سوا تبونکی نظر رنگ زرد کی ہو کسی — طلا کا طلتا ہے کھوٹا کھرا تو پتھر پر

وہ بنکے آئنہ آیا ہے سامنے سبکے — جو پانی پڑ گیا تھا تربت سکندر پر

اوٹھے نگاہ کہ ہم دیکھنے سی باز آئے — بے کھنچے جو دار پہ آئے وہ آپکی گھر پر

تمھو جبھی سی ہو حال قدم کو اوسکی چھوڑ — نکل کے ملتے ہین آنکھین شرر بھی پتھر پر

سلامتی کی طلب ہے تو گھر بنا کے رہو — فلک گرا ہی شکست صدف سے گوہر پر

کہ تو نسیم سے پھولونکو اکطرف کر دی — ستارے ہی ٹوٹ کے لوٹینگے انکے بستر پر

ستارے ہی سمت آتے ہین اوتنی ہی جدہین — بچھائے جاتے ہین جب پھول ونکی بستر پر

نسیم چل رہی ہی پھر رہی ہین تازہ ہے — ملا رہے ہین اشارے سے پھول بستر پر

غزل ۳	نمود دیکی مٹاتی ہین سمت دل ما مہر شمر رکھ ساتھ ہی ڈرتی ہو خاک تھپر پر	شعر نہم

ردیف اللام

دشمن کا دل جلا کے بڑھا اعتبار دل — جوہر بنا جو تیغ کا نکلا انجار دل

کب قید بند دل مین ہی میرا انجار دل — بگڑی ہی آسمان نے زمین دیار دل

دشمن سمجھ کی آہین پی کارزار دل — ہی ہر دم دو نیم مراد و الفقار دل

کیون سوز غم مین ہو مرا حال زار دل — سر پیچ شعلہ نی نفس تابدار دل

تصویر رنگ دادہ ہون دیکھو قرار دل
رکی ہی دوڑتی ہوئی خونکو قار دل

سمجھو سبک کچھ نکرو اعتبار دل
تم دلمین ہو یہی ہی ذرا سا وقار دل

نکلے دھوئین کچھ لپکی ہماری شرار دل
لوہین سہی نکل تو گیا کچھ بخار دل

ہر گام پر ہی چال سی اونکی فشار دل
ہین نقش پای راہ کہ میری مزار دل

ہین صاحب حیا مری زیب کنار دل
پردہ نہ اوٹھکی چھوڑدے کیونکر غبار دل

کہتا ہون نذر دیکی دم احتضار دل
لے اپنا دل دیا ہوا پروردگار دل

کیون دل کی چال سی نسمجھلوئین اپنا وقت
ہر آبلہ ہی ساعت یک غبار دل

یہ کہکے مین نے پھینکدیا اونکی گود مین
دل ہی وہی ہی لی جسکو ہین سب اختیار دل

دل کیے مرگیا ہی جو سینہ مین اکطرف
خون دوڑ دھوپ مین ہی لیے کاروبار دل

ای زخم قلب اتنی امیدین نکو کیا کرون
سوتیین ہین ایک ہی میرا مزار دل

مفلوک ایلو نکو گھلین کیون نہ دین
سمجھے ہین جام نقرہ کامل عیار دل

سینہ کہل گیا گر گو نکا بہی فریاد کیلیے
تربت مین میرے ساتھ ہوا یون فشار دل

اونکا تو ذکر کیا کہ مجھے بہی خبر نہین
کچھہ یون نکل رہی ہی مری جان نزار دل

دنیا کی حد کو چھوڑدین جتنی ہین اہل دل
تڑپونگا مین بہی ساتھ کہ ہی احتضار دل

پیدا ہوا وسی سنی مین سے طبق تمام
بیٹھا ٹھہر ٹھہر کے جو میرا غبار دل

کہتا ہون تار دیکھ کے فرقت کی شبکو مین
اللہ تا فلک گئی میری شرار دل

مثل نسیم آئے جو وہ وقت سوز جان
تارون کی چھاؤن بنگئی میری شرار دل

ہات اونکی آگیا ہی جنھین درد کچھہ نہین
دل کی خبر لے لے مری پروردگار دل

سے شبنم لحد تک آکے فلک کو پلٹ گئی
یہ اضطراب خاص ہی کیسا قرار دل

دیکھ مژہ پہ آگیا ہو شکستہ بال
کانٹے کی بہی کھٹک ہی دم احتضار دل

کیونکر نگاہ ناز نہ اب بیچ مین پڑے
افشان سی لڑ رہی ہین ہماری شرار دل

ای بیخودی بنی ہی مری جان پہ یہ کیون
ہی گر تو نزع روح ہی اور احتضار دل

مٹی عجب نہین دلِ مردہ کو اب ملے ایسا ہی کام ہی جو اوٹھا ہی غبارِ دل

نکلی جو شکل شیشۂ ساعت تو خوش ہون کیا دل ہی نکل کی آ گیا دل مین غبارِ دل

نا قدریون سی پہیر ہی دیتی تو خوب تہا کہدی کوئی کہ آیا ہی امیدوارِ دل

یہ بہی خدا کی شان کہ جو چاہو حکم کرو مختار جو ہوا وسکو ہون اختیارِ دل

لیلے لی کر مین بہی کہتا ہون ہجر مین دلکو ہوا ہی کیا مری پروردگارِ دل

جس رگ کو جانتی تہی رگِ گل سی نرم ہم کانٹا وہی تہی ہی دمِ احتضارِ دل

مالک نکل کہڑا ہوا بگڑی ہی سب انتظام پہونچی سقر مین کچہہ جو ہماری شرارِ دل

اوس دل کے آبلے درِ غلطان نے تمام جس دلکو تہی مری خبرِ انتشارِ دل

جس دل مین خود ہو کہدو نزاکت سے پہیر دی تم پر تمہارا بوجہہ بہی ہی ناگوارِ دل

رک رک کی اشک بہتی ہین لی بیخودی مری کیا جانین اضطراب سے یہ یا قرارِ دل

اشکون مین ملکی آنکھون سی آخر نکل گیا یون ڈھونڈتا تہا خون نہ تہا جب قرارِ دل

دشمن تھی جنکی تم نہ رہین جیتے وہ اب
دیکھو اٹھا ہوا ہی کہین تو دیارِ دل

فرہاد و قیس مٹ گئی چھپ چھپ بچا کے جان
کھینچا ہی جنمین نے دایرہ حالِ زارِ دل

نکلی دھوان ہو دل سی شبِ ہجر کسطرح
شیشہ کو توڑتا ہی ہمارا بخارِ دل

احسنت ہی آفرین دلِ پر آبلہ تجھے
اتنی دلون مین اک کو نہین انتشارِ دل

باقی رہی نہ فصل زمین آسمان کا
بیٹھی گر اتفاق سی میرا غبارِ دل

تنکا اوتارنیکی جو جان سی دبے
وہ دل ہو کسطرح سی کسی دل کا بارِ دل

خاک اوڑ رہی ہی دہر مین تو پوش ہین فلک
کیسا بقدرِ شیشۂ دل تھا غبارِ دل

پتلی مین آ ٹھہر گئی اوسکی شبیہہ سی
اتنا تو تمکو دیکھے کیا انتظارِ دل

دشمن نی دکھ یہ دیکھ جو دئی خود ہوا ہلاک
دو زخم ملگئے تو ہوئی ذوالفقارِ دل

پھٹ جائین دفعتہ تتق گرد کی طرح
شیشو نمین بند ہو جو ہمارا بخارِ دل

لو خوش ہو غم کا سر مین یہی ہی نہ ہو لگا گذر
جاتی ہی آسمان پہ زمین غبارِ دل

مٹجاؤں اپنی جا پہ کیونکر مثل نقش پا
تابوت جب اٹھی کہ کسیکا ہو بارِ دل

مانند نقش پا تو زمین گیر کر دیا
لاشہ بھی اٹھنے دیگا ہمارا وقارِ دل

ملکِ فنا بھی چھوڑ دیں اہلِ فنا تمام
جاتی عدم میں گرد اڑا خطِ غبارِ دل

ہوتی اگر زبان تو یہ کہتا دمِ ازل
دل تو نہ لونگا ای مرے پروردگارِ دل

اب اور کیا دکھائیگی تیغِ نفس کی تپش
ذرے تڑپ تڑپ کے بنے ہیں غبارِ دل

اس کہنی کو فقط گلِ بازی بنا وہان
یہان بھی نہین تو ہوگا کہان اب قرارِ دل

کہتا ہوں موج تیغ کی خدا سے دمِ ازل
تڑپا لے دل نہ دے مرے پروردگارِ دل

شعلے زبان بنکے فریاد کیلئے
دوزخ میں جا گری جو ہمارے شرارِ دل

کس کسکو کمسنی میں وہ سمجھائیں کیا کریں
مجکو ادھر ہی نزع ادھر احتضارِ دل

سوفار تیر آتی ہیں ہنستی ادھر سے پھر
منہ کو کبھی لگا تھا جو خونِ شکارِ دل

کس آتشیں جمال نے دیکھا تھا حسن کو
جوہر بنی ہیں آئینہ کے خود شرارِ دل

مین تو بستر ہون چلین مجھی کسطرح نہ آئے ۔ شیشہ ہی سرد ہو جو نکالے بخار دل

مٹھی سے زر کو پھینک کے کہتی ہی ہر کلی ۔ دل ہی نہ منتشر ہو تو کیا انتشار دل

ہوتا ہی عیب بہی کسی جامے مین جاکے حسن ۔ جوہر ہے آئنہ کا یہی انتشار دل

مرتے کے ساتھ کوئی بھی مرتا ہی دہر مین ۔ مین کیون تڑپ رہا ہون دم احتضار دل

جوہر بھر آئنہ کی پھرین جو رچونکی طرح ۔ میری طرح اوسی بہی ہو گر انتشار دل

شبنم فلک سے حلق مین ٹپکا رہی ہی آب ۔ اللہ ری تشنگی دم احتضار دل

غلطان گہر ہو کیون نہ کف دست پر مرے ۔ جو دل لون ہاتھ مین اوسی ہو انتشار دل

ای بیخودی خیال تو آتا ہی پاس مین ۔ بستی تہی خوب نام تہا جسکا دیار دل

مین سطرف تپان ہون عرق و جگر اودہر ۔ کس کی جان لیگا مرا احتضار دل

کافی تمام حشر کے مجمع کو ہے وہی ۔ خالی کرے جو گوشئہ دل انتشار دل

کہتا ہون یہ تپک پہ ہر اک آبلی کی مین ۔ دل کتنی دیگا ای مرے پروردگار دل

جبتلک ہی صبر و شکر جبہی تک ہی غم ہی شیر
منہ کھولدین رگین تو بنین ذو الفقار دل

مجروح دست دشمن جان ہی تو سہی
شیشہ ہون سیر سہل نہین ہی فشار دل

کیا حسرتون کا دم تہا خدا مغفرت کری
کیسی چہل پہل تہی میان دیار دل

نکلی برنگ وحشتی شعلہ قید سی
شیشہ مین گر بہرون کبہی رنگ بہار دل

بیدرد و ہر حیف ہی یاران کہیلون سی
منہ تکی آسمان سی چہٹکی بخار دل

ہمت سی مین ہی خوشہ پروین ہون ای فلک
اک دل کے لاکھ ہون تو نہو انتشار دل

پہلی نشان داغ یہ سمجھے اور ہی گمان
اب رو رہا ہون یہ کہ یہین تہا قرار دل

پشون کی طرح اوڑنی لگین جوہر حسام
فولاد کو ہو گر مرض انتشار دل

اب اسجگہہ سی دوسری عالم مین جا بسون
سینہ سے ہاتھ اوٹہاو کہ جائی قرار دل

مینائی نیلگون فلک ہی اوسیکا نام
شیشہ جو لے اوڑا تہا ہمارا بخار دل

آٹہون بہشت کی ہو فضا مجتمع وہین
جس جا جہٹکدون دامن رنگ بہار دل

ناخن سے ابروؤنکو خدا ہی جدا کرے
کھنچتے ہیں پاؤں ورسے ہم اختفار دل

سیماب ضرب خوردہ ہوں کیونکر نہ غم سے خوش ہوں
اکدل کی لاکھ دل ہیں جو شانہ تشانہ دل

غزل ٣٨ — شعر ١٨

ہاہر نفس کے ساتھ نکلتی ہوا ہ عمر
جاتا ہی باگ توڑکے ہوئے شہسوار دل

ٹپکی عرق وہ خاک پہ آئے جو سوئے دل
کاش آبلوں میں ڈوب مرا آبروئے دل

لی اپنے نام دوست کی ہو آبروئے دل
جو آبلہ ہے حوض ہے بھر وضوئے دل

آ بیٹھا ہے کوئی تو مری دل میں ناز سے
خون آج دوڑ دوڑ کے آتا ہے سوئے دل

پیچاؤں آنکھوں آنکھوں میں کسطرح اونکو یوں
ملو ہے جسطرح مے جان سے سبوئے دل

ترشا ہو جگر کا ہو ٹکڑا ہر ایک لفظ
منہ سے جو آپ کے ہیں سخن گفتگوئے دل

حسرت نکالکر سے پرائی ہیں نہ کیوں
نکلی ہے دم کی ساتھ مری آرزوئے دل

سینہ میں ہر جگہ ہو نہ رہ رہ کے کیوں کھٹک
پھر پھر کے ڈھونڈھتی ہے تمہیں آرزوئے دل

کیا ساتھ اسکو لیلی کی سی شکل سوئے تھے
ہر عضو نازنین سی جو آتی ہی بوئے دل

اوسوقت کیا عجب نظر آئے جمال دوست
ہو آب آئینہ سی اگر شست وشوئے دل

یہی صورت ملال کھلینگے نہ اہل درد
منہ کو بغل مین ڈال کے حسن گفتگوئے دل

اے ضعف کیا پسینے کی ہمراہ بہگیا
آتی ہی عضو عضو سے کیون آج بوئے دل

کیون پسلیان نہ ہجر کی راتو مین ٹوٹ جائین
پہلو نکو مانگتی ہو تمہاری ہی خوئے دل

سینہ بلند دیکھ کے کہتی ہی آرزو
اللہ اسجگہ ہی کبھی ہوگا روئے دل

مایوسیونکی عہد مین حسرت یہ ہی مجھی
دم توڑ دین ادھر تو ادھر آرزوئے دل

یون ہی تڑپ تڑپ کے نہ نکلی کسیکی جان
جسطرح مرگئی ہی مری آرزوئے دل

آئے تو واہ کب مین مرتا ہوا اسطرف
دم اوسطرف کو توڑتی ہی آرزوئے دل

سینہ پہ اپنی ہی ہاتھونکا پھیرنا
دیکھو اسیطرح سے بگڑتی ہی خوئے دل

کیون بادہ خوار ہستی مین ماہر مست ہون

خود روح سے کبھی منہ سے لگا ہی سبوئی دل

غزل ۳۹ ردیف المیم شعر ۲۸

ایسی خلوت میں بھلا کسکو بلائیں ہم تم
شرم آئے تو پسینے میں نہائیں ہم تم

وصل کا لطف کبھی ان سے اٹھائیں ہم تم
دل لگی عشق میں اگر ہو دشمن ائیں ہم تم

عکس آئینہ صفت راز چھپائیں ہم تم
منہ بھی دکھلوا نہ سکے دل کے نبھائیں ہم تم

تم ہنسو پھولوں سے بلبل کو ہمیں ہم چھیڑیں
باغ میں آ کے کوئی گل تو کھلائیں ہم تم

جھانک کے پہلو میں یہ کہتا ہوں کہ ہم خود بینی
آئینہ میں بھی تو اک جا نظر آئیں ہم تم

رشک سے پیچ میں ہوتی ہیں نگاہیں حائل
آج سے غیر کی صحبت میں نہ جائیں ہم تم

رنج میں رنج ہی شاید سبب تسکین ہو
آؤ روتے ہوئے دل کو تو رلائیں ہم تم

یا کبھی سونگھتے تھے عطر کے شیشہ کی طرح
یا ادھر سے دل کو کبھی منہ نہ لگائیں ہم تم

شب ہجر آئے بلا نیکلے نہ دھوئیں کہیں
شمع کو ہاتھ سے اپنی نہ بجھائیں ہم تم

آئینہ طلعت کی تھی کیسی عکس فزا یہ — کھو دی انھین آنکھوں نے تری صورت دیکھ

تم نے بھی اپنی ادا کا اثر دیکھا ہو — تا نہ سمجھو کبھی پاس او بیٹھین ہم تم

ہلکو بھی حسرت تھی ایک نظارہ سی دیکھی — شرم سے گر نہ سہی چادر مین ہم تم

دیکھو پھولی ہی شفق وقت سحر ہی یہ — آگ میں آگ سے چلو اور لگائین ہم تم

ایک مدت سے اسے چپ سی لگی رہتی ہے — چھیڑ کر آو ذرا دلکو ہنسائین ہم تم

بوجھ اپنا کوئی اتنا کسی پر ڈالے — ناز کے ناز کیون ملکی اوٹھائین ہم تم

یون بچھائین کہ نہ پروانے کبھی منھ دیکھین — شمع کو آج اسی طرح جلائین ہم تم

کشتۂ سرمہ کو دکھلا کے وہ کہتے ہین — یون چھپین سب سے تو آنکھوں مین سمائین ہم تم

لاش اک ایسے ہی بیکس کی ہی آنیوالی — گھر سے کیونکر نہ تڑپکر نکل آئین ہم تم

جان جانے لگے لوگونکی جو نکلین گھر سی — آئین چل پھر کے تو مانند دل آئین ہم تم

اشک آنکھوں سے گلا آپنا چھڑکنے دو نہ مین — غش مین اسطرح ہی دلکو کبھی پائین ہم تم

ٹھوکرونمین ہی دل راہرو کے آئے — ناز سے گو دیونمین جنکو کھلائین ہم تم

شمع و پروانہ مین ہوتے ہین کرشمے کیا کیا — دیر سے دیکھ رہے ہین جو ادائین ہم تم

لاش کا بوجھ بھلا کس سے اوٹھیگا میرجان — پھول رو رو کے سو ہم مین جو اوٹھائین ہم تم

وردمین درد ہونیکی ہی حسرت نرہی — آؤ دکھی ہو دلکو تو دکھائین ہم تم

دل ہی ہاتھون سے گیا ہے یہین پالا پالا — دوڑ کر کیون گل بازی نہ اوٹھائین ہم تم

جسطرح آئینہ مین شکل ہی داخل خارج — آرزو ہی یہین جامین سمائین ہم تم

حق ہی ہم دونونکی گردنپہ گر انصاف کرو — آؤ روٹھے ہوئی اپنے دلکو منائین ہم تم

دلِ ماہر تو یونہین راہ مین پامال رہی
گلِ بازی ہو تو آنکھونسے اوٹھائین ہم تم

غزل ۴	ردیف النون	شعر ۱۶

ناتوانی کب فقط ہی مری جسمِ زار مین — ہی سخن تکیہ پہ تکیہ بات کو گفتار مین

پرتو رخ سے صفائی ہے یہ قصر یار میں
دیکھتے ہیں آئنہ کی طرح منھ دیوار میں

خلد کیوں ہمکو نظر آئے نہ قصر یار میں
دور ہیں سب صاحبو روزن کے آئینے دیوار میں

رو رہا ہوں میں خیال صبح روے یار میں
خط ابیض کا ہے پرتو آنسوؤں کے تار میں

ذکر حق نے جب جگہ پائی دل کفار میں
بن گئی تسبیح کا دانہ گرہ زنار میں

کفر دنیا میں ہر اک کافر کی دم کے ساتھ ہے
صورت تار نفس ہے پھر کیوں ہنوز زنار میں

یہ لہو پانی ہوا ہے ایک رونے سے مرا
خون دل آیا ہے ملکر آنسوؤں سے نکلے تار میں

رہ گئی ہیں کچھ الجھکر یہ نگاہیں خلق کی
کب ہیں تار عنکبوت اوس روزن دیوار میں

ناتوانی میں برنگ بو نکلیو اوڑتا پھروں
ہے ہوائے برگ گل آندھی مجھے گلزار میں

ہوتی ہیں زردار باغ دہر میں اکثر بخیل
بند ہی غنچوں کی مٹھی دیکھی گلزار میں

ہو گئیں آتش قدم وہ آئے گلگشت جب
شمع کا شعلہ ہر اک غنچہ بنا گلزار میں

پڑھ نہ لوں باہر سے کیوں میں کتبہ ایوان یار
صورت عینک ہے جو روزن ہے اوس دیوار میں

ہمکو مشکل ہے کہ ہونگو پابندی کیونکر ہو — نکلا پانو کسی کا بھی قاتل تری تلوار مین

دین سے کم ہوتی بت پرستی رہے — اسقدر رخنہ ہی نہوتی رشتۂ زنار مین

دشت وحشت نے سجھایا در زد میرا کبھی — آبلے پاکے نہ چھالے زبان خار مین

غزل

کسطرح رونے مین اے ماہی مین دیکھون روئے یار
آنسوؤن کے تار الجھے ہین نگہ کے تار مین

شعر ۲۴

سفر کے رنج کو سینہ فگار سمجھے ہین — غبار راہ کو دل کا غبار سمجھے ہین

عدم وجود کو عبرت شعار سمجھے ہین — خط جبین خط لوح مزار سمجھے ہین

جہانکو قبر تری خواستگار سمجھے ہین — فراغتونکو یہانکی فشار سمجھے ہین

چمن جو اپنا دل داغدار سمجھے ہین — نفس کو موج نسیم بہار سمجھے ہین

حزین وہ ہون جسے سب عالم کدورت مین — غبار آئینۂ روزگار سمجھے ہین

وہ ناتوان ہین روزگار مین ہم ہین — جو تن پہ سایۂ اشجار بار سمجھے ہین

[illegible]
پھر ایک وہ کہ [illegible] سمجھے ہین

نگاہ [illegible] دانش کی
جو اشک کو گہرِ آبدار سمجھے ہین

عدم سے اُٹھکے ہین جا بسینگے پھر عدم اک دن
اسی ابتدا کو انجامِ کار سمجھے ہین

ریاضِ دہر مین جان جنہین رنگ سواد
خزانکو فصل کتابِ بہار سمجھے ہین

جو دیکھتے ہین تماشا اُسی سے ہر رگِ تن کو
وہ راہِ معرفتِ کردگار سمجھے ہین

مکانِ دوست ہے دل حالِ دل ہے پیدا عیان
نہان جو ہی وہی آشکار سمجھے ہین

ریاضِ دہر مین جو دل گرفتہ ہین بلبل
وہ ایک رنگِ خزان و بہار سمجھے ہین

جہان قیام نہین گھر سمجھتی ہین اوسکو
مکانِ اہل کو نادان مزار سمجھے ہین

وطن سے دور ہون ہم محال ہے گر دون
کہ دودِ دل کو سوادِ دیار سمجھے ہین

کیا ہے ضعف نے باریک بین ہمین ایسا
کہ آبلونکو کفِ پا کا خار سمجھے ہین

بڑھی تو جاتی ہین آگی یہ قافلے والے
تھکے ہوئونکا بھی کچھ حالِ زار سمجھے ہین

وسیع جنکی نگاہین ہین بحرِ عالم مین
ہر اشک کو وہ یم بیکنار سمجھے ہین

یہ بھول ہی کہین دیکھی نہین عدم والو
تمہاری سہو کو ہم یادگار سمجھے ہین

بیان ہو ہستی بنیادِ قصرِ تن کیا خاک
حباب بھی ہین اُستوار سمجھے ہین

نہان وہ نظر سے سمجھے ہین جو کہ بینا ہین
وہ کور ہین جو تجھی آشکار سمجھے ہین

وہ ناتوان ہون کہ ٹوٹا نہ مجھسے اشک کا تار
نظر جو رکھتی ہین وہ حالِ زار سمجھے ہین

جہان مین غور سے دیکھا تو ہین قوی ہی لوگ
جو ایک تنکے کی احسان کو بار سمجھے ہین

غزل ۴۲

عنایتین ہین یہ احباب کی فقط ماہر
کہ خام فکر کو بھی پختہ کار سمجھے ہین

شعر ۱۶

بیخودی سا بھی کوئی دہر مین دمساز نہین
غم نہین عشق نہین سوز نہین ساز نہین

سوزِ دل کب ہے جو فریاد کا دمساز نہین
شعلہ ہی وہ نہین جسمین کچھ آواز نہین

گردشین چشم کی کہتی ہین کہین جاگے ہو
سونیوالونکی تو آنکھونکا یہ انداز نہین

دل کو برباد کیا آرزوؤن کو نے گھر
تم سا عالم مین کوئی خانہ برانداز نہین

کیون نہ غنچون کی چٹک شوق سی گلشن مین سنو
ٹوٹتی قلب کی آواز تو آواز نہین

کسکے چھپ ہوئے پی محفل کی بہی کی نوبت
دم نہین چنگ مین طنبور مین آواز نہین

ہان اسی طرح چال اور راہ کے چلنے والے
دل پہ گر پاؤن نہین چال مین انداز نہین

دلبر و جانکے تو مجھسے نہ پوچھو کوئی بات
دل ہی سینہ مین نہین جسکا تو کوئی راز نہین

کان پر ہات کہین لوگ نہ کیون نالون سے
یہ صدائین ہین مری آپکی آواز نہین

آپکی حدِ خوشی کچھ کوئی کیونکر سمجھے
مسکرانیمین صدا ہنسنے مین آواز نہین

چاک پردہ کی نہ کسطرح سی آنکھین چھپجائین
سبکو دیکھا ہی مگر تم سا نظرباز نہین

عکس آئینہ پہ بھی طعن ہی اُف رے دیدے
اسپہ یہ بات کہ صورت پہ ہمین ناز نہین

کوئی تو باغ مین دیدی مری نالونکا جواب
منہ مین کھلتی ہوئی کلیونکی بھی آواز نہین

باغ مین آکے اسیرانِ قفس کیا بہلین
سب ہوائین ہین ہوا پر پر پرواز نہین

ہی یہی تازہ اسیری میں پھڑکنا جو مرا	یا قفس آج نہیں ہی پر پرواز نہیں

غزل ۱۴۱

مدح احباب جو کرتے ہیں عنایت ہی یہ
نظم ماہر کی ہی جادو نہیں اعجاز نہیں

کب دل سے اٹھاے غم مری تن میں نہیں
ہون وہ گلچین کہ جادو جسکی گلشن میں نہیں

لوث وصلت سے بری ہیں جنکے دامن پاک ہیں
چھینٹ بھی بلبل کے خون کی گل کے دامن میں نہیں

گر طلب ہے آبرو کی تو نکل بہر سفر
دیکھ قدر گوہر نایاب معدن میں نہیں

خود بخود آراستہ رہتا ہی داغوں کا چمن
باغبان کا کام ہرگز میرے گلشن میں نہیں

ہی تعدد بھی تبون کا اوسکی وحدت کی دلیل
کب خدائی کا سمان دیر برہمن میں نہیں

آہ سوزان سے حفاظت میں ہیں دل کے آبلے
برق بھی دہقان کچھ کم میرے خرمن میں نہیں

قتل ہونیکو مرا دل سمجھتی ہیں شہید
طوق منت کے ہیں خط تیغ گردن میں نہیں

ملائی ہیچ کا باعث یہاں ترک وطن
دل فگاری کا الم گوہر کو معدن میں نہیں

کیون اے غم دنیا مین گر ہی گنہ آلودہ تو
دیکھ اشکون سے تر ہی کب تیری دامن مین نہین

کیون نہ حاصل ہو برنگ گل مجھی نشو و نما
طایر رنگ چمن ہی خون کے مرتن مین نہین

صبح صادق کی کہان ذبح کیون نہ ہون ای خورشید حسن
چھاون ہی چہرے کی تیرے روز روشن مین نہین

قتل ہو کر تیری کشتہ کی بر آئی ہی مراد
ہین گل امید خون کی داغ دامن مین نہین

گرمی سوز درون سے دم الجھی کس طرح
مو ہی آتش دیدہ تار نفس سے تن مین نہین

غزل ۴۴

ہی عجب سرگشتگی سی اپنی ماہہر بعد مرگ
گردش سنگ فلاخن لوح مرقد مین نہین

شعر ۲۲

شمع وحدت کا مین بزم دہر مین پروانہ ہون
ہی جنون عین خرد جسکا مین وہ دیوانہ ہون

ہی مجھی پستی سی نفرت اوج کا دیوانہ ہون
خوشہ ہی عقد ثریا جسکا مین وہ دانہ ہون

شمع قد گلرخان دہر کا دیوانہ ہون
جسکو کہہ سکتے ہین بلبل بھی مین وہ پروانہ ہون

روح باعث سینہ ریشی کا مری ہر مین
شمع سی جس گھر مین ہی اندھیر مین وہ خانہ ہون

کیسی ہی اولجھی مضامین ہون سلجھ جاتی ہین صاف — زلف پیچان سخن کو بہی آتی ہی یہ شانہ ہون

در ہمو نہین داغ کی قلب یلدر کا ہی نعل — گنج فی شیان دا جسکا ہون مین ویرانہ ہون

چشمک مژگان اشک آلودہ یہ پروین ذرے — خاک بہی مجہ پہ نہین آتی شمع پروانہ ہون

حسن قدرت کا تری ہی جلوہ گر تن مین مرے — ہون ترا عاشق جو اپنا آپ ہی دیوانہ ہون

قابض ارواح کیا آئین تن پہ سوز تنک — پر فرشتی کے جہان جلتی ہین مین وہ خانہ ہون

سوز غم مین مرکے نکلا مین لحد سی روز حشر — بعد جلنے کے ہوا پیدا جو مین وہ دانہ ہون

وہ مرا سینہ ہی دار العلم کہتی ہین جسے — قفل ابجد قفل ہی جسکا مین وہ کاشانہ ہون

زیست کے دن پورے کرکے نکلی میرے تن سی روح — جسکو بھرنے نے کیا خالی ہین وہ پیمانہ ہون

ناتوانی سی تو ہی سرگشتگی پر مین رہا — آسیا کو پیس ڈالا جسنے مین وہ دانہ ہون

ہین تل سی میری گل مین جا اشک آب روان — سیل سی جسکی بنا قایم ہی مین وہ خانہ ہون

[illegible] بہی دل ہی دولت سے توکل کے غنی — گنج ہون باطن مین ظاہر مین مگر ویرانہ ہون

الفت دندان لب سی بندھا ہی دل مرا
آب گوہر جس مین ملو ہی ہین وہ پیمانہ ہون

سنگ اسود ہی سویدا دل جگہ اصنام کی
نشان کعبہ کی ہی پیدا جس سے وہ بتخانہ ہون

داغ عشق ساقی کوثر کا ایما ہے یہی
دست دل سی جس نمین چھپتا اسین وہ پیمانہ ہون

عشق ہی الٹا رکن ہی میر مکان تنگ کا
جو ستون آہ پر ٹھہرا ہی مین وہ خانہ ہون

نسبت ہو کیونکہ عشق ساقی کوثر پہ ڈال
قد خم گشتہ سی مفہوم خط پیمانہ ہون

تکمر سی تیر قالب ارواح کیونکر غوطہ نجات
جان دیدی جس سی مہمانکو وہ صاحب خانہ ہون

غزل ۴۵

سنکی ما مہر تجکو جاگ اوٹھتے ہین اہل بزم سب
جس سی نیند آئی ہوئی اوڑتی ہی وہ افسانہ ہون

شعر ۱۲

کب تنفر فقط ابنائی زمان رکھتے ہین
گرد ہٹجاتی ہے ہم پاؤں جہان رکھتے ہین

دی سبب قبر پہ کب سنگ گران رکھتے ہین
سختی راہ عدم کا یہ نشان رکھتے ہین

کیا کمی و ہنگی جب سوز نہان رکھتے ہین
اشک پرنم کے لئے دل کا دہوان رکھتے ہین

بس وہی شستہ و رفتہ بھی یار کہتی ہین — موج کی طرح جو پاکیزہ زبان رکھتی ہین

بعد مردن بھی یہ حس ہی کہ سمجھ جاتا ہون — بات تربت پہ اگر فاتحہ خوان کہتی ہین

کام ہر ایک کا یہ خوبیِ تقریر نہین — جوہرِ حسنِ بیان سینہ زبان رکھتی ہین

ہین جو محتاط وہ کہتی نہین خاررو کو بھی خار — ڈر یہ رہتا ہے کہ وہ بھی تو زبان رکھتی ہین

کثرتِ ضعف مین کہتی ہین اشارون سے کلام — بات کرتین نہین تب ہم بند زبان رکھتی ہین

مرجعِ آتشِ غم کیون نہ کہین سینے کو — گرد نار کا ہم دلپہ گمان رکھتی ہین

چپ ہین جبتک کہ نہین اہلِ سخن کو کچھ کد — بات آئے تو کب بند زبان رکھتی ہین

نقدِ دل دیکی مجھی ملتی ہین داغِ حسرت — پھول کیسی ہین یہ قیمت بہ گران رکھتی ہین

غزل ۴۶

نظمِ اشعار مین بھی حسنِ بیان ہی ماہر
جسکو کہتے ہین زبان ہم وہ زبان رکھتی ہین

شعر ۱۳

اکری ہین ضعف سے پر گرم ہین روانی مین — چلی ہین بیانکی ہم چال ناتوانی مین

ضعیف و زار ہین یہ ہم جہانِ فانی مین / بنی ہین تارِ نظر چشم ناتوانی مین

پھنسے ہین ضعف سے زندانِ ارفانی مین / عدم بھی جا نہین سکتی ہین ناتوانی مین

وہان یار کی ہستی کے جو ہوے قایل / کمال تھا او نہین لوگونکو غیب دانی مین

یہ عرقِ شرم ہین اوسکی دہان و دندان سے / نہان ہی دُر تو صدف مین صدف ہی پانیمین

خزان تو جیسی ایسی کوئی بہار نہین / لکھا ہے ہر ورقِ برگ بوستانی مین

شفق نہین ہی نمایان نظر مین عشونکی / شرابِ سرخ ہی مینا سے آسمانی مین

بجھی نہ آتشِ گل قطرہ ہای شبنم سی / خدا کی شان ہی روشن ہی آگ پانی مین

ہے جسطرح سے کہ زیورِ عروس کی زینت / بیان نکے حسن سے یون حسن ہی معانی مین

ضعیف وہ ہون یقین ہی خیالِ منزل سی / اوٹھین نہ پائی تصور بھی ناتوانی مین

سفر ضرور ہی جاہین جمع قدر اہلِ صفا / ہزارون در ہین کہ بی آبرو ہین پانیمین

وہ ناتوان تھی اگر ساتھ قافلے کے چلے / تو دب کے رہ گئے ہم گردِ کاروانی مین

کہین قیدی قفس کی رہا ہوتا ہے

مرتے دم سر پہ ردا ڈالتے ہو سر کو بھی
نزع والے کا کہین منہ بھی چھپا ہوتا ہے

پاؤن کیا میری ہی ہٹتے رہین وقت آخر
قدم شمع بھی کچھ حد سے بڑھا ہوتا ہے

شررِ برق کو رد کرے نہ کوئی پارے کو
میرے دم بھر کے تڑپنے مین کیا ہوتا ہے

چوم لیتا ہون جو سونے مین کفِ نازک کو
اوسی بوسے کا نشان وُزدِ حنا ہوتا ہے

سب اسیرانِ قفس دیکھکے رہجاتے ہین
ساتھ والون سی اگر کوئی رہا ہوتا ہے

اب نکلتا ہے رُکا دم کوئی تھامے مجکو
تیر اٹکا ہوا سینے سے جدا ہوتا ہے

شمع تھوڑی ہون کہ اک شب مین پگھلکر رہجاؤن
دشمنِ جان مرے سر پہ ہے تو کیا ہوتا ہے

مین کبھی دان ہون کہ بیدرد آگے رو دون
رات بھر شمع جو روتی ہی تو کیا ہوتا ہے

کی ہی جرات تو کیا شکوہ کیا ہے کبھی نہ در
تاج دیتا ہے تو کشکول گدا ہوتا ہے

خونِ ناحق کی حسینونکو بھی ملتی ہی سزا
ہاتھ مہندی ہی کے حیلہ سے بندھا ہوتا ہے

کوئی اندر دو شمع سے شبنم سے تنگ
اک مرے رونے مین کیا جانئے کیا ہوتا ہے

اوس طرف غیظ و غضب ہین تو ادھر صبر و رضا
معرکہ قہر کا ہے دیکھیے کیا ہوتا ہے

غیر ممکن ہے کہ یون جائے مرا سوزِ الم
شمع کو شعلہ فنا کر کے فنا ہوتا ہے

ہو ہی جاتی ہین مری اوسکی دکھونکی باتین
گو کہ منھ زخم کا ٹانکون سے سیا ہوتا ہے

باندھی جاتی ہی ہوا بس کے پسینے مین ہان
سچ ہے ڈر عطر کی چوری مین ہوا ہوتا ہے

ہاتھ اونکی مری منھ پر ہین ہٹاتا ہون مین
وصل مین یون بھی کبھی اونسے گلا ہوتا ہے

جیت لیتا ہون مین بازی اجل مرکے
دم نکلجاتا ہے مشکل مین تو کیا ہوتا ہے

پہلے کچھ اور تھا دل اب تڑپنے مین کچھ اور
اس الٹ پھیر مین اللہ یہ کیا ہوتا ہے

تیوری چڑھتے ہین یا وقف ستم ہاتھ
کوئی ارمان جو مرجائے تو کیا ہوتا ہے

اونگلیان ٹیک کے کیونکر نہون وہ فاتحہ خوان
ایک حضیرہ قبر شہدا ہوتا ہے

منھ مین زخمونکے بھی پانی سا بھر آتا ہے
درد مین کیا مرے اللہ مزا ہوتا ہے

دم نکلتے ہوئی دیکھا تو یہ بولے ڈر کے
ارے مجھسے بھی تو کہدے کہ یہ کیا ہوتا ہے

نالے منھ کرکے سوئے باغ گئی کیون مین نے
اتنی سی بات پہ صیاد خفا ہوتا ہے

کیون تشنج سی رگونکی نہون دوہرا دم مرگ
تار کھنچتے ہین جو مسطر کے تو کیا ہوتا ہے

قافلہ نالۂ بلبل کا وہیں جاتا ہے
نکہتِ گل کا جہاں شہر بسا ہوتا ہے

سبزہ رنگوں کی محبت میں یہاں زرد ہوئے
رنگ سے موسمِ گل کا تہِ صحرا ہوتا ہے

صبر پڑنے سے حسینوں کے یہ معلوم ہوا
تیغ جب سر ہوئی ہیں ہم میں ستم ایذا ہوتا ہے

عطر کے چور کی تو فکر ہوا کرتی ہے
کوئی پوچھے کہ عرق جسم کا کیا ہوتا ہے

دم بخود کیوں نہ رہوں دہر میں مانند حباب
سانس لیتا ہوں تو دم تن سے فنا ہوتا ہے

اک مرا قتل تھا جسکا ہوا پرساں کوئی
ہاتھ بندھتے ہیں جب خونِ حنا ہوتا ہے

بعد شاہی کے شہنشاہ بھی ہو جاتا ہے
چتر میں بھی اثرِ ظلِ ہما ہوتا ہے

انقلابوں میں بدل جاتی ہے شکلِ شاہی
تاج اولٹا ہے تو اک جامِ گدا ہوتا ہے

قفسِ تنگ میں بیٹھا ہوں تو دم گھٹتا ہے
نالے کرتا ہوں تو صیاد خفا ہوتا ہے

درد خود آج ہے بیچین جگر سینہ میں
کون یارب مرے پہلو سے جدا ہوتا ہے

واہ رے نخوت کہ وہ سیر کو جاتے ہیں تو کب
دم حبابوں کا جب آنکھوں میں رکا ہوتا ہے

شامیانہ ہو کہ تصویر ہو یا عطر و گلاب
جو مری قبر پہ آتا ہے کھنچا ہوتا ہے

بہ ہی جائیگا آئینہ ہے غم سے پانی
لاکھ پتھر کا کلیجہ ہو تو کیا ہوتا ہے

چار تلواریں وہ ابرو و مژہ خود دیتی ہیں
دیکھیں اب آئینہ کی جان کا کیا ہوتا ہے

دیکھیں پھر بھی کبھی آتا ہے یہ دن اے ماہر
قیس لیلی سے گلے ملکے جدا ہوتا ہے

غزل ۱۲۸ — شعر ۳۸

تمہاری یاد تو تلکو دل سنگی کیوں ہنسا نکرے
زبان تیغ تو نکلی کسی پہ کھلے خدا نکرے

حنا اگر کف نازک میں اونگلی جا نکرے
تو چلوؤں مرا خون جگر گھٹا نکرے

رضا کی ہو جو منافی وہ التجا نکرے
طلب سے ہاتھ اوٹھائے مگر دعا نکرے

نشان پایہ کوئی ہی کہ جو جفا نکرے
زمین کا کوئی پیوند ہو خدا نکرے

زمیں پہ گرکے یہ کہتا ہے پیر کا سایہ
ضعیف ہو تو عصا کا بھی آسرا نکرے

وہ ضعف اور وہ تڑپکر مرا اکڑے ہونا
بٹھا دے در دیکھو تو پھر اوٹھا نکرے

نکل کے سن سے یہ کہتی ہے خاک مجنوں کی
بشر جہان میں سب کچھ کرے وفا نہ کرے

پسینے سے جو گرا ایک قطرہ خون عاشق
تو اونکا ایک لہو پانی میں پھر ہوا نہ کرے

میان چشم نہیں تل نشان یا قوت کے
ہمارے آنسو کہیں دل کو گر پھرا نہ کرے

وہ میری نزع میں حیران ہو گئے تو کہہ دو
اجل بھی تم ہو کہ وعدہ یہ جو وفا نہ کرے

شفق کے نام سے گردوں کا رنگ کیوں نکلا
گر آنکھ سے مری خون جگر بہا نہ کرے

ادھر کو قیس تڑپتا ہے اوس طرف لیلیٰ
خدا ملائے جو دو دل تو پھر جدا نہ کرے

نہ ہم سے خاک کے تودے بنا کے دل ڈھونڈیں
ہمارے سامنے گریوں اگر جلا نہ کرے

خیال دل مجھے یاد شمع سحر آتا ہے
چراغ جل کے مرے سامنے بجھا نہ کرے

مثال دانۂ بارود روئے آتش ہوں
نہ ہوش دل رہیں چپک درد کی اٹھا نہ کرے

مثال دست دعا گر کبھی نظر آجائے
کسی کے در پہ توجہ تیر اگر نہ کرے

بنا ہوں ضعف سے اسپند مجمر آتش
اڑ ہو نہیں خاک اگر درد دل اٹھا نہ کرے

نہ کہدین لٹکی ہوی گرچہ پن اشارہ سے
یہ پیش قدمیان مجھسے کبھی عصا نکرے

جو تھوڑی سی دیر نہ ہاتھونکو دہوئین وہ پہ اٹھئے
کرے وہ کام مرا خون جو حنا نکرے

چھپا دو لین جو باتین وہ شوہر آ جاین
کسیکا رنک اتنا کہلی خدا نکرے

نظر لگی ہی بہت گر تو شیشہ جو ہر کی
کسیکا اتنا ہو ہلکا لہو خدا نکرے

وہ روئین نزع مین میری کوی یہ کہدے
قضا پہ فرض جو ہو کسطرح ادا نکرے

حسین ہو نہ تری طرح گر تری آواز
حجاب گوشین مجھے اسطرح چھپا نکرے

پڑا ہون دور مین اتنا کہ گر پڑی تھک کر
اجل جو راہ مین دم جا بجا لیا نکرے

ہماری دکھتی ہوی لپہ گر نہ پاون پڑے
قدم زمین سی ہر گام پر اوٹھا نکرے

غضب تو یہ ہوا رونے لگے وہ گھبرا کر
جگر مین درد ہماری تو اب دوا نکرے

اگر کے چپکے سی چلتی یہ تو یہ بو بھولی
خبر کسیکو مری دل لگی ہو خدا نکرے

لہو کے اشکون سی کسطرح وہی تیغ تری
دہان زخم سی بسمل اگر گلا نکرے

ہنسا ہیں رونے پہ اپنے تو یہ وہ کہنے لگے
کسیکی آنکھ کا پانی ڈہلے خدا نکرے

سدا جو سنتا ہے منھ پھیر کر وہ نالے
کسی سے حال اسیر قفس کہا نکرے

اگر کے کہتے ہیں ہنس پہ ہاتھ تیغ کی بعد
انہیں گلے سے لگا تو پھر جدا نکرے

عدم کی راہ دم نزع سی نہ طے ہو اگر
ہر ایک رگ مرے پاؤنکی یون کھنچا نکرے

نہ بوہی پھوٹے کسی پر کھلے نہ راز کوئی
کلی صبا سے اگر حال دل کہا نکرے

کچل کے پاؤنکے نیچے یہ دل نے دی آواز
چلے تمہاری طرح بھی کوئی خدا نکرے

مٹے ہوؤنکی ہوا مین یہ خاک کہتی ہے
وفا بتون سی کوئی بندہ خدا نکرے

مین دلکو روکے کلیجہ نہ تھام لون کیونکر
کسیکے مال پہ پانی پھری خدا نکرے

جتاتے جاتے ہین احسان جو نمید اور نیکے
کراہنا مرے دل کا کوئی سنا نکرے

غزل ۱۲۹	عدوئی جان سی کوئی تو یہ کہدی ماہر قضا سی کام وہ لے جو تری ادا نکرے	شعر ۱۰

آجتک تو نہ کبھی حشر کی نوبت آئی
صور نے پھونکدیا کیا کہ قیامت آئی

کچھ تو منعم کو بھی غیرت تہہ تربت آئی
جب وہ فتنہ کے سبکتی ہوئی دولت آئی

ضعف کیسا تھا ادھر نہ جنکی نوبت آئی
غش سے چونکا نیا ایک ادا کی نکہت آئی

دل دکھو نکو صفت آبلہ رقت آئی
زیر پا نقش قدم کی بھی تو نوبت آئی

حسن کے رعب کی آخر کو یہ نوبت آئی
اور تو اور ابھی تک نہ قیامت آئی

سات پردوں میں بھی چھپتی نہیں اچھی صورت
کھل گیا صاف آنکھوں میں مروت آئی

فرقت گل میں غش آئی جو لگا بلبل کو
صحن گلشن سے بھی تڑپتی ہوئی نکہت آئی

قبر میں ہجر کے جاگو نکو ہوا یہ معلوم
آنکھ سے لگنے بھی نہ پائی کہ قیامت آئی

ہم تو واقف بھی نہ تھے حشر سے اس سر کی قسم
آپ آئے تو یہ سمجھے کہ قیامت آئی

غزل ۱۳۰

اپنی تسکین کرے کیون نہ اسی سے ماہر
دل گیا جب تو یہ سمجھا کہ طبیعت آئی

شعر ۱۳۰

بو نہ دیتے تو دیا منہ کی رو دکھائی نہ گئی
صلح ہونے پہ بھی وہ اونکی لڑائی نہ گئی

گر تلوّن تھا تو کیون منہ کی دکھائی نہ گئی
رست بازی ہی گئی اور کج ادائی نہ گئی

ہر طرح کی یوہین بات اونسے چھپائی نہ گئی
جیسے آئینہ کے دیدکی صفائی نہ گئی

جنبش ابرو کی کبھی تمسی دکھائی نہ گئی
کیسے جلاد جو تلوار لگائی نہ گئی

جان اجل سی مرے مر کے دمِ تن چھپائی نہ گئی
اک ردا بھی کوئی شی تہی کہ اوڑھائی نہ گئی

دور رہ کر چاہین رہی پاس بلائی نہ گئی
وصل کیونکر ہوا جب اصل جدائی نہ گئی

حکم دوری رہا پر چاہین بلائی نہ گئی
وصل جتنا ہوا اوتنی ہی جدائی نہ گئی

نت تربت کی حکایت بھی چھپائی نہ گئی
خاک ہوتے تو ہوی دل کی صفائی نہ گئی

دل وہ تھی جلنسی جلائی نہ گئی شمع کبھی
اور جو بھولے سے جلائی تو بجھائی نہ گئی

سرخ پڑا شفق شام کو اپنے ہاتھون
مہندی کیون آج کف پا مین لگائی نہ گئی

نہ کھلی بال بنی ابر لحد پہ ماتا
مشکرا دینی سی بجلی بھی گرائی نہ گئی

لے بلائے ہوئے آپکا ہوا یہ انجام
آج تک موت کسی گھر مین بلائی نہ گئی

پہنچی نظر و نکو بہانا تو وہان خوب ملا
حالت صلح جو تھی آنکھ لڑائی نہ گئی

جذب دل نے اثر اتنا تو دکھایا تھا قبر
سب جا سوا وہ آئی تو بڑہائی نہ گئی

جنبش ابرو کی بھلا مجکو دکھا مینگی وہ کیا
پوری تلوار بھی اک جنبش لگائی نہ گئی

مٹی دیکر مجھے جاتے ہین عجب چال سے وہ
شمع سے قبر پتنگونکی بنائی نہ گئی

وہ تو وہ ہی ہین بیٹھین سو کے تو برہم ہو نکیون
پاس چھونکی ہی ہان کج ادائی نگئی

سچ تو ہے لاش پئے دفن اوٹھاتی کیونکہ
اوپچ نیچ اونکو زمانیکی بتائی نہ گئی

میرا مرنا ہوا دنیا مین دوبارا مشہور
جب نہ مین دل کی تڑپنے سے ہلائی نہ گئی

سر لگا لو دم شرہ ہو تو کہین لوگ یہ کیون
زہر مین جسنت کی تلوار بجہائی نہ گئی

جنبش ابرو کی وہ آئینہ مین خود دیکھتی ہین
ہمسے دشمن کو بھی تلوار لگائی نہ گئی

ایک مین ہون کہ اوٹھایا کیا نازا و نکو مدام
ایک وہ ہین کہ مری لاش اوٹھائی نہ گئی

مرتے جیتے جو ہمین دنیا مین ہین اور بھی لوگ | جان ہم مین تو کسی وز نہ آئی نہ گئی

تھا کسطرح جلا کر گئے دل لوگون نے | ہمسے تو شمع بھی اسطرح جلائی نہ گئی

تم بھی اک نام کو تھی اصل تھا سب درد یہ بوجھ | لاش کیون تمسی مری جان اوٹھائی نہ گئی

تیغی نظرون سے حسین بھگیں دیکھین مری جان | زہر مین آج جو تلوار بجھائی نہ گئی

سبکو تو چھیڑتے تھے ہمین نجانی کیا تھا | موت عاشق کی جو آئی تو ستائی نہ گئی

جان وہ مانگتی اور اونسی نہین ہم کرتے | موت آئی تو یہان آنکھ چرائی نہ گئی

کاندھے جو دیگئے ہین اونسے یہ کوئی کہتا | تم نہ آئے تو یہان لاش اوٹھائی نہ گئی

کھلے یہ روزن تربت سے مین سر کا آخر | اسطرف سے وہ سواری تو نہ آئی نہ گئی

غزل ۱۳۱

کسکے مرنیکو سوائی دل ماہر نہ سنا
اک یہی تھی خبر ایسی کہ سنائی نہ گئی

شعر ۱۳

ہمین پیری مین یون چھوڑا ہمارے زندگانی نے | کہ منھ ڈھانپا نقابون مین حسینونکی جوانی نے

تجلی مین دکھایا اپنا پرتو یار جانی نے — کیا کچھ اور سنایا کچھ صدای لن ترانی نے

فنا مجھکو کیا یوہین مری رنگین بیانی نے — کھلایا شمع کے جسطرح تن کو گلفشانی نے

پھرین آنکھین نہین سونے نہین بھی ہون سیدھی کبھی — کہ یوہین سونا سکھایا تھا انھین خواب جوانی نے

جھلکین کبرا ولٹی آنکھین دیکھلو سینہ کی بھی جانب — خبر لو سر اوٹھایا ہی بہت اوٹھتی جوانی نے

قدم اونکی بہی ٹھہری چلتی چلتی آگے تربت پر — نشان کیسا مٹایا تھا ہماری بی نشانی نے

کھلیں آنکھین نہین سونے نہین بھی بند انسی ہوئین لوری — بھری تہی نیند ایسی اونکی آنکھون مین جوانی نے

یہ حالت تہی کہ منہ بیٹھے ہوے دیکھا کیے ہم بہی — کلیجا رکھ دیا ہاتھون سے ملکر ناتوانی نے

وہی تہی سو کے اوٹھنے مین جو نکلی اشک تن بنکے — بھرے تہی کوٹ کر موتی جو آنکھون مین جوانی نے

عصا کی بہی کمر دوہری ہوئی جاتی ہی لنگر سی — یہ ہم پر بوجھ ڈالا ہے ہماری ناتوانی نے

قبا مسکی پسینہ آگیا گرمی سی کی اف اف — لگایا جب گلے اچھی طرح اونکو جوانی نے

ردا سینے سی سر کی ہی خبر کچھ بہی تہی نہ سونے مین — انھین بیہوشیون سے سر اٹھایا کج جوانی نے

غزل ۱۳۲	کر زمہ ہو گئی تنہا نبا کا جبہ اپنا ماہر نے کیا کچھ اسطرح زینت زور جوانی نے	شعر ۹

دم مین ہین قاتل کے جو پاؤن ملنے
نیچی نظرون ہی سے کچھ دیکھلے چلنے والے

چہنک دیتا ہو مجھین دیکھا ہو اجب دل اپنا
روک لیتے ہین قدم راہ کے چلنے والے

جیسے جلتا ہے اگر پردہ خاکستر مین
چپکے چپکے یونہین جلجاتے ہین جلنے والے

ہمنے بھی دیکھ لیا آپکے جہرہ سی تجھے
اودھری قبر سے کتراکے نکلنے والے

ہنسکے رو دی سی ہنسی دل مرا رہجاتا ہے
یاد ان جب جانکی کہدیتی ہین چلنے والے

بو ابھی دوڑ کے دیکھی ہے مجکو خبر
عطر ملتے ہین کلیجہ ترا ملنے والے

دلکو بھی لیلین نہ کیون سبکی بچا کر وہ نظر
کچھ پڑا پاکے اوٹھا لیتی ہین چلنے والے

جگر و دل مرتے ہین ٹہو نزع مین ہون
ساتھ اکدم کے کئی دم ہین نکلنے والے

لینے آئی نہ اونھین سے بو چہن کیون ماہر

شعر ۱۲	آج ہیں سیر کو وہ گھر سی نکلنے والے	غزل ۱۳۴

تمہارے حسن کا رشک آشکار ہو جائے
مژہ بلائیں جو لی دل نثار ہو جائے

نہ خال سی جو وہ خط مہر دار ہو جائے
تو فر حسن کبھی بی اعتبار ہو جائے

او لحبہ کے صورت زنجیر ہر نفس ٹوٹے
جنوں تمیں دل جو کبھی بیقرار ہو جائے

گر آہ سرد کی تاثیر آبرو بخشے
ہر اشک چشم دُر آبدار ہو جائے

وہ ہوں جو روشنی شمع پردہ فانوس
تو کیوں نہ حسن کلیجے کے پار ہو جائے

وہ دل جلا ہوں لحد سی اگر نکل آئے
ہر استخوان مرا شمع مزار ہو جائے

یہ دن چڑھے سے ہی ہر روز کی مراد فلک
شعاع مہر یوں ہیں سبکو دار ہو جائے

میں مثل بارش باران ہاں جو بند کروں
تو آب آب کی ہر سو پکار ہو جائے

مثال کلک مصور چلو اداسی اگر
قدم کے نقش میں نقش و نگار ہو جائے

دکھاؤں خاک کے پردے میں گر میں آتش عشق
دھواں جگر کا زمیں کا بخار ہو جائے

ابھی نزروی مجھی کوئی گو ہوا ہون تمام	زمین کا پہلے کلیجہ فگار ہو جائے

غزل ۱۳۴

ہماری خاک کی اوٹھ بیٹھ کہتی ہے ماہر
نثار او سپہ بہشت غبار ہو جائے

شعر ۷

حسین نقطہ اسی تحریک سے سفر مین رہے
بدن سی یونہی جو نکلی تو یہ نہ گھر مین رہے

کسیکو یاد کیا خود گئے گھر مین رہے
وہ نہین بھی پکھ لو حسرت نظر مین رہے

تمام عمر تو یہین چاک بھی جگر مین رہے
کہ جیسے تیغ کسی کی کمر مین رہے

رہے بھی گر تو وہ کنج خیون سے گھر مین رہے
کہ آنکھ مین کبھی دل مین کبھی جگر مین رہے

کشش سی کیا ہوا ہر طرح میرے گھر مین رہے
نکلکے بھی صفت بوئی عطر بر مین رہے

نشان الفت ابرو نہ کیون جگر مین رہے
وہی ہے تیغ سپاہی کی جو کمر مین رہے

بصورت گل بازی ادھر اودھر مین رہے
ہمین تھے وہ نہ سفر مین رہے نہ گھر مین رہے

مثال آئینہ صورت نما جگر مین رہے
حضور سے ٹلکے بھی بیٹھی تو میرے بر مین رہے

چراغ خانہ جو ہو کسطرح سفر مین رہے
بڑھی بھی ہم تو کچھ اسطرحسی گھر مین رہے

مثال شیشۂ تصویر دل جگر مین رہے
کھنچے ہزار مگر ہر طرح وہ دیر مین رہے

شفق کے نام سی چشم فلک مین خون اوترے
لہو کی بوند جو میری دل و جگر مین رہے

خوشی یہی ہی تو بہتر ہے ہتکڑی ہی سہی
مگر وہ ہاتھ ہین یہ جسکو جو کمر مین رہے

اسیطرحسی گھر بیٹھے دل جلاتے ہین
کہ جسطرحسی نکلکر دھوان اگر مین رہے

نکل چلی جو وہ دل سی تو دل کہی چھپی تہا
سفر مین گھر بھی ہا وہ اگر سفر مین رہے

یہ بات سوچ کے پر قینچ مجکو کر صیاد
چمن چھپا تو کلی بھی میرے پر مین رہے

قیامت آتی ہوئی نصف راہ سے کہنچ جائے
اوہی ادا سے اگر تیغ اس کمر مین رہے

مثال بحر روان عمر بی سکون گذری
کھلا نہ یہ کہ رہے گھر مین یا سفر مین رہے

کسی کے بالونکے سنبل کہ پیچ کیا ملتے
بچے جو زلف سے کچھ بل وہی کمر مین رہے

لحد مین گر دل سودا زدہ کو ہوا الجھن
نفس کیطرح سی گھٹ گھٹکی بوا اگر مین رہے

یہ اڑیو نہ پہ اشارے سے مڑ کے کہتے ہین بال
نہ جبکی حد ہو وہ سوداے زلف سر مین رہے

قفس مین لیکی نہ کیون آؤن چھوٹ سی کلیان
نشان باغ کا کچھ کچھ تو بال و پر مین رہے

کبھو یہ چاندنی سی یون نہ آسکیگی کبھی
مثال فرش جو تہ ہو تو میری گھر مین رہے

جھپک جھپک کے بلا مین نہ لے مژہ کیونکر
وہ نیند ہے جو تری چشم بد نظر مین رہے

مجال تھی کہ سوا اسکے کوئی چھو سکتا
وہ دست زلف تہی جو بال سی کمر مین رہے

دکھا کے آنکھونکو جلوہ کسطرح چھپ جائے
شرارت اونکی نہ دم بھر کو گر شرر مین رہے

شب شباب کٹی خوف روز پیری مین
تمام رات ہم اندیشۂ سحر مین رہے

بنا دے قطرۂ آب روان جو بخت مجھی
روان وطن مین ہون اور سکون سفر مین رہے

یہ حال ناز کیون سی اب انکا پہونچا ہے
سپ چلے جو دل سی ٹہلتی ہوئی جگر مین رہے

مین نظارۂ چشم سیہ سی جائی عجب
مثال میل جو سرمہ مری نظر مین رہے

ہماری سوز جگر سے اگر نہو خجلت
چھپا کے منھ کو نہ آتش کبھی اگر مین رہے

دبا دبا کے یہ سر کو لحد میں کہتا ہوں
ہلیں نہ وہ نہ دھمک اسطرح کی سر میں رہے

شبِ وصال اگر جا کے صبح فرقت ہو
تمام عمر چمک سی مری جگر میں رہے

تمنا یہی ہے تو انکی ہی مثال ہے اب
ہوا حباب کی سطرح ہر سر میں رہے

حضور اور رونکی روئے پہ اتنا کہتا ہوں
یہ میری سوکھی ہوئی آنکھ بھی نظر میں رہے

مثال آبلہ ادنی کسی دکھ سے ہوں مجھے
سبب یہ پاؤں ہی کا نٹا کھٹکتی میں رہے

تڑپ کے جان دی شعلہ جو کر مرے آگے
شرر کی طرح چمک سی مرے جگر میں رہے

حیا نے وصل کی حسرت نہ ہونے دی پوری
وہ آدھے رہ گئے جب آ کے میری گھر میں رہے

ہیں رکھ کے دل کو تہِ فرش جب چلا آیا
تمام رات وہ زانو بدلتے گھر میں رہے

عزیز و دوست پہ کیا یہ بھی تفرقہ دیکھا
سفر میں جائیں مسافر تو جان گھر میں رہے

دیکھا کے شمع یہ کہتا ہوں ہنسی والوں سے
یوہیں جو دل کو جلائے وہ میرے گھر میں رہے

نہ ترک ہو رہِ مقصد میں ہی ادب مجھسے
صدا کی طرح پس و پیش رہگذر میں رہے

فقط تھی جان ہی سے قدر اس جلے دل کی
جو بو ہی شی بھی نکلجائے خاک اگر مین ہے

ملا ہے دل سی اگر دل تو ہو کبھی یہ بھی
ٹہر ہی پتلیان آنکھون مین آنکھین نظر مین ہے

ہماری ہاتھ بہت بڑھ گئے تھے ہجر کی شب
نشان چاک گریبان نکیون سحر مین ہے

نکل چلے کبھی جوش ہوٹے گرا دونین لینے
خبر وہ پائی کہ یہان در کے پاؤن تلے ہے

وہ کیا چراغ مرے دلکو شب کے یاد آئے
جو تو نہ جگمگے ہوئے نور سے سیر گھر مین ہے

نہ خواب ناز مین کیون نیم باز رہجائے
جہانکی نیند جو اوس چشم نیم نظر مین ہے

یہ سر کو کھینچ کے کہتی ہے دشت مین وحشت
جو پاؤن توڑ کے نکلے تو خار سر مین ہے

نہ تاب آئی بدن سی نکل کھڑی ہوئی جان
تڑپ تڑپ کے جب ارمان مر جگر مین ہے

ہراس فوج سی افسر کو کیون ہراس نہ ہو
قدم نفس کا جو اوکھڑے نہ دم جگر مین ہے

ہزارون منزل مقصد پہ سیکڑون پہونچے
تمام عمر ہمین سے تھکے کہ رہگذر مین ہے

اوٹھائے منھ کو تو جاتے ہین قافلے والے
تھکے ہوونکی بھی حالت ذرا نظر مین ہے

مثالِ خانۂ تصویر جائی کہ نہین
تو دیکھی کہ چھپ رہے گا اگر تو چپ بیٹھا ہین ہم

حضورِ حسن محبت بھی ہی طلسم کوئی
نکلتین تو وہ انت ہنسی مین یکایک بگڑ ہین ہے

نزاکت یہین یہ تحریک ہو گئی آفت
دہن بات جو نکلی تو وہ نہ گھر مین ہے

چھڑا کے قید سے لائی تو ہے مجھے طاقت
مگر جو پر سے او جھکے قفس کے در مین ہے

قدم سے آکے خانۂ غریب خانہ ہو
وہ ایک بھی ہون تو بستی تمام گھر مین ہے

تمہاری حسن نے ہر جائی کر دیا تمکو
ادہر تو آ۔ دہن اور وہ ہر جگہ گھر مین ہے

نجانین گھر سے وہ کیونکہ نکل گھڑی ہی آج
چلے بھی گھر سے اٹھی ایسی ہی بہ مین ہے

نہ جان نے بھی جگہ قبر تنگ مین پائی
ہمین تھی وہ کہ قیامت تک ایسے گھر مین رہے

کہین نہ راہ مین نیچے قدم کے آجائے
گرہ مین جو ہے آنچل کے وہ نظر مین ہے

جو عکس آئینہ کسطرح آتے جاتے ہین
اب اونکے واسطے کس شخص کی وگ گھر مین ہے

کتاب کھنچ کی شکنجے مین کہتی ہی سب سے
گذر پر آئے تو واسطے کسی بھی گھر مین ہے

بچا نہ دل نہ رہی جان نہ جگر چھوڑا / اوجاڑ کرنے مجھے آباد اپنے گھر میں رہے

ہوں مرغ قبلہ نما کون ہو مرا مہمان / مری طرح سے جو تڑپے وہ میرے گھر میں رہے

وہ عکس آئینہ بنکر مرے ہوئے مہمان / چھٹے حباب ہی سے جو کبھی تو میرے گھر میں رہے

مثال تار کھنچے جنتر میں کیا سر کش / خمیدہ قد ہوا اتنا کہ پھر نہ گھر میں رہے

سلامتی سے ہیں غربت پسند ایسے آپ / رہے نہ گھر میں کبھی یا رہے تو بر میں رہے

حضور آئینہ میں دیکھیے کچھ اور بھی تو / وہ آپ ہیں کہ جو پتھر کے بھی جگر میں رہے

مثال سالکِ کشتی مجھے یہ حیرت ہے / قدم جو گھر میں میں رکھوں تو گھر سفر میں رہے

یہ سر میں توڑ کے کہتا ہے خار خانہ جنوں / قدم کا خار قدم میں تو سر کا سر میں رہے

دمِ حساب نجانے کہ کیا کا ہو گیا گیا / یہاں یہ حشر ہوا آب ادھر ادھر میں رہے

نفس کے سینہ ویران سے جب قدم اکھڑے / کہا یہ دل نے ہمیں تھی کہ ابھی گھر میں رہے

بھرا ہوا ابھی یوں ہیں مجھ سے خانۂ ویران / کہ جیسے ایک اداسی تمام گھر میں رہے

غزل ۱۳۵	کچھہ اسطرح سے چھپا ہے دل اندرون ماھر مجال کیا ہے کہ جلتا چراغ گھر مین رہے	شعر ۷۶

کیونکر ہے رگو نہین لہو جوش مارکے — نشتر پڑے ہین جو ہوا می بہار کے

گر ہین ہی عروج جنون بہار کے — اکدن شفق نہین گے لہو جوش مار کے

ساقی کرم یہ دیکھہ لے ابر بہار کے — پانی دیا زمین کو تو ہیرا و تار کے

تابوت سے نشیب مین آئے مزار کے — قصے ہوئی تمام چڑھا ؤ اوتار کے

ہمسر مرے بنے ہین سرا و نبرا و تار کے — پردے گرین نہ پائیے کیون اعتبار کے

شمعین نہین مزار پہ مجھہ بقرار کے — یہ مغز استخوان ہین زمان فشار کے

جب گل کئی چراغ ہماری مزار کے — خلعت دیئے ہوا کو زمین نے غبار کے

پہچھتے ہین اشک کچھہ مژہ اشکبار کے — تارے جو ٹوٹتے ہین شب انتظار کے

عریان تنی مین لطف نہ گرہون بہار کے — پھینکے ہوا نہ گرد کا جامہ اوتار کے

لی ساتھ دستگیر کو باریک راہ میں — زخمی بھی یوں ہیں جاتے ہیں جادے پہ تار کے

رندانِ بادہ نوش نے کھولے قبا کے بند — نکلے چلے جہاں میں جو ابرِ بہار کے

جان بخش میری بھی وہی زخمہ ہیں مطربو — قرعو نکا جو سبب ہوئی ہے نفس تار کے

دل نازنین یہی میں جو لوگے تو یہ گا گیا — کیونکر اوٹھینگے ناز دلِ بیقرار کے

کیوں قتلِ عامِ حسن پہ نازاں ہیں بھی ہوں — بازو وبھری ہیں وہ تجھی تلواریں مار کے

پھونکی ہوا نے کان میں کچھ فنا کی بات — اوٹھا اوٹھنگی قدم مری مشتِ غبار کے

ابرو کی جنبشوں پہ جو جا ہو وہ اب کہو — سیکھے ہو یہ ادا ابھی تلواریں مار کے

ہی آمد آمد انکی تو سے لینے کے شوق میں — مضراب دو ریکے جاتے ہیں پے تار کے

دیوانے ہیچ و ہی میں بیٹھتی ہیں بیڑیاں — غل ہو رہے ہیں آمدِ فصلِ بہار کے

ڈھالیں اوٹھیں کے ہاتھ سے قابل نہیں فلک — ٹکڑے جو تیغ سی ہوں شبِ انتظار کے

چھن جائیں کہوں جو ہر آئینہ کے جگر — ہیں پیچ میں یہ کس نظرِ زہردار کے

اُنسے تو کوئی کی تیغ نگہ بھی ہی فشار
کیون پھر آڑے آ گئے تجھنے فرار کے

کھلواؤ منھ نہ قوتِ بازو کو رہنے دو
کاٹی نہ رات ہجر کی تلوار ین مار کے

گر یاد عادتین ہون تو شانہ ہلادو تم
کچھ سو رہے ہین چین سی مہمان مزار کے

سینے کو ہے بسا لیا پھر اپنی جو رخ خیال
رہنے دین گریہ دور ہٹانے والے مزار کے

دہان جس سے ہو گیا یہان شگوفون رنگین
پھیلی جو زہر سُرمۂ دنبالہ دار کے

پیچ و خم غبار کی سلے سی ہو آخر
ڈھانپے ہون کہین سے مر جسم زار کے

اتنا تھا بس وجود و عدم مین ہمارے فرق
پتلے تھے پہلے خاک کے اب ہین غبار کے

تم میری نبض دیکھکے چپکے ہی ہو رہے
یہ کچھ اشارے ہین طلبِ احتضار کے

پھوٹی کلی نہ منھ سی کوئی باغ مین کبھی
مین تھک گیا قفس مین گلون کو پکار کے

اتنا بھی میرا ساتھ کسی نے نہین دیا
جتنا کہ ساتھ دے گئے تختے مزار کے

جھولے کو لات مار کے اُدھر ادھر سے وہ
جب پینگ یاد آئے دل بیقرار کے

کسنہ لحد پہ بھی مجھے آنیکی ہو امید
گر کھل کے کچھ کہین کبھی تختے مزار کے

ملتی جہانمین چین کو جا کسطرح کہین
پھیلے ہوے تھی درد دل بیقرار کے

اب ٹوٹے بازوونکی مین تدبیر کیا کرون
توڑا قفس کے در کو تو پر مار مار کے

کھینچ کھینچ کے جان آئے تشنج ہو نزع ہو
ٹوٹین نہ ہاتھ پاؤن کسی بادہ خوار کے

ای شب مین ایک چار اندھیر نمین کیا کرون
دل بجھ گیا چراغ بھی تیرہ مزار کے

نا آشنائی غم او نھین سمجھی بجز مہ چرخ
پھول اڑ گئے ہوا سے جو میرے مزار کے

گستاخئ ملائکہ پر مین نے یہ کہا
یہ تو نہ حکم تھے مرے پروردگار کے

دیوانگان عشق پہ بارش مین وہ کھلے
نشتر بھری تھی دل مین جو ابر بہار کے

وحشت مین دل ہما سی چکا ہے لحد کا سنگ
اٹھ جائین لوگ پاس سے میرے مزار کے

وہ مست ہو گیا ہے جو مینخانے مین کبھی
خود جوش بادہ لاہین شیشو او تار کے

ای آرزو نکلکی تو ہی دیکھ ہے یہ کون
باتین ڈھکی سی کرتے ہین تختے مزار کے

کیون خود بھی سبزہ رنگ نہون مثلِ آئینہ
پلٹے ہین کچھ اثر نظرِ زہردار کے

ہمراہ بوئی غنچہ کرو تم بھی سیر باغ
سب قفل کھلگئی ہین طلسمِ بہار کے

مین نی عجب نگاہ سے دیکھا نشیب قبر
نزدیک لوگ لائی جو تابوت اوتار کے

برباد اس خطا پہ ہوئی ہی ہماری خاک
کیون دل مین گھر کیا تھا زمینِ مزار کے

دشمن ہوئی ہین تمہارے سب اعضا ہون تو سہی
بازو تو پھر گئے مجھے تلوارین مار کے

لین شمع نی بلائین جو بیکس کی قبر کی
رخصت ہوئے چراغ بھی سر کو اوتار کے

خود بھی نگاہِ خلق سی پنہان ہوئی ہوا
نقشے بگاڑے اور ہمارے غبار کے

مجرم ہون جو زشتیٔ عمل سی خود اونگلیان
پھندی پڑگئی ہین مضرابِ تار کے

آنکھین مریطرح سے پھرین آئینہ سی بھی
بیٹھے سلامتی ہین جو زلفین سنوار کے

سینہ پہ اونکا ہاتھ جب آیا قرار تھا
یہ بھی ہین طرفہ دردِ دلِ بیقرار کے

کیونکر رموزِ غنا کا نہ مطرب ادب کرین
مضراب سے سر جاتی ہین جادو پہ تار کے

آئی نہ میری شکل کی چھاؤن بھی ایک دن
نقشے ہوا نے لاکھ بنائے غبار کے

سنگ فشار اوٹھا کے جو سینہ ہلا ہمین ہے دل
چھاتی پہ ہاتھ رکھے ہین تحجّرِ مزار کے

کرتے نشان پا کے کسی وضع کو پسند
نقشے زمین دکھاتی ہے تجھکو مزار کے

میری عدم کی شکل کے مشتاق ہین جو لوگ
پردے اولٹ دیئے ہین ہوا نے غبار کے

کیونکر بچین نہ عقربِ ابرو و مارِ زلف
آفت ہین نیش سرمہ و دنبالہ دار کے

اللہ رے پاسِ خاطرِ دل مردگانِ خاک
پانی پیا زمین نے تو مدفن اُبھار کے

یہ اپنا اپنا بخت پسینہ پہ رشک کیا
دھوئی وہ پاؤن سرمۂ دنبالہ دار کے

طولِ امل کی بات ہوئی کچھ جو کوشش زد
زخمہ ہٹ آئے چھپ کے قدمونکو تار کے

صیّاد قیدِ زیست سے بھی مین تو چھٹ گیا
اب کیا تو دیکھتا ہے قفس کو اوتار کے

اہلِ غنا مرین تو سمجھ یہ بھی مکر ہے
دم ہے سقوطِ نبض پہ بھی تن مین تار کے

آیا ہون طئ ارضِ جہان کرکے تا لحد
کہتے ہین پیچ و خم مری مشتِ غبار کے

کیون آفتاب حشر سی مانگین نہ سب پناہ
پھینکا تھا مین نے زخم سے پھاہا اوتار کے

ہتھو مین بی نصیب سینہ پیا کرے
دھو دھو کے پاؤن سرمہ بنالہ دار کے

آفت ہی کر رہے ہین اشارون مین انگلیان
گھر کر لیا ہے دل مین جو مضراب تار کے

بیدرد حیف ہی او نہین ہوئے بدن کہین
گر کھائے نشترونکو اوگل دون بہار کے

ذی ہتو فشار مین اب جی نہ ہارنا
کھلتے ہین کویدم مین شکنجے مزار کے

اس چین سی تو درد بی تھمر تھا ہجر کا
کیا کر دیا یہ دل کو لحد پر پکار کے

یون چھوڑ کر گیا ہے فشار لحد مجھے
سر پائنتی ہو پاؤن سرہانے مزار کے

آنسو زمین پی گئی تھے دے رہی ہی نذر
یہ کون رو رہا ہے سرہانے مزار کے

سب ملکے دفن خاک کے پتلونکو دیکھ لین
خشکی مین ڈوبتے ہین سفینے غبار کے

مجرم ہے بحیر بحیر تو مرسل یہ بول اوٹھے
ہم بھی گناہگار ہین پروردگار کے

ناجنس بھی قریب ہین مین ہی ہون مستعد
تم ہی سدھارو لوگ بھی جائین مزار کے

غزل ۱۳۶	ماہر کو صورِ حشر کی بھی کچھ خبر نہو سوتے دین گریہ دوڑنے والے مزار کے	شعر ۱۲

تصویر نیم رخ کی طرح ناتوان رہے
ہے کون کم نصیب جو یون نیم جان رہے

صیاد کچھ تو اہلِ قفس کا نشان رہے
ہم ہون نہون چمن مین مگر آشیان رہے

لو کیون ہلی نہ شمع جو محوِ بیان رہے
دل مین لگی ہو آگ تو کیونکر زبان رہے

گھر مین رہے کسیکے تو دل مین مکان رہے
دیکھو خدا کی شان کہان تھی کہان رہے

دیدین یہی سمجھکے مری دل کو دلربا
پیہرین نہ گر تو ورد ہمارا کہان رہے

جاتا ہون باغبان سے لیکر قفس مین بیت
تنکا یہان ہی تو مرا آشیان رہے

اتنا بھی تو کھلا نہ ہمین قبر تار مین
پروردگار آئے کہانسے کہان رہے

ہون مکین ہوائے منزلِ خانۂ حباب سے
گر مین نہون مکین تو نہ دم بھر مکان رہے

اے یہی قبر کسطرح جسے لگایا تھا یہ سے گلے
نہ مغز ہی رہا نہ مری استخوان رہے

پیسا تھا بیگناہ ستایا تھا بخطا
سر پر نہ آسمان گرے بھی کیون آسمان رہے

کچھ ہمسی مرتونکا ہے زندہ تجہی سی نام
تا حشر اے لحد تیرا نام و نشان رہے

انکار میر گہر سے فقط اس کا ہے سبب
دلمین اگر رہے تو مریجان کہان رہے

کہتا ہے اوٹھکے زور مین یہ دود دل مرا
یا مین ہون زمین پہ یا آسمان رہے

آتی ہی یہ مٹے ہوونکی قبر سے صدا
دنیا مین ہم نہون مگر اپنا نشان رہے

کیا یوہین مر گئے تھے جوانان عشق باز
دم توڑ نیکے خاک پہ بسون نشان رہے

ہم اپنی راہ آئے تھے جاتے ہین اپنی راہ
دنیا رہے زمین رہے آسمان رہے

غزل ۱۳۷

دود جگر سے آج ہے ماہر مقابلہ
پشتی پہ آسمانکی نہ کیون آسمان رہے

شعر ۴۳

چھلکا کے جام پاس سے ساقی جو ہٹ گئے
مستونکے قلب صورت انگور پھٹ گئے

اتنا ہوا حضور کے رتبے نہ گھٹ گئے
دل دل سے لگ گیا جو گلے سے لپٹ گئے

بیرنگ طبع ہو گئی بستر سے ہٹ گئے
گل جب ہنسی ہنسی مین نبی پہ لپٹ گئے

سچ ہے مقام رنج ہی دلمین وہ کٹ گئے
پھولون سے پھول عرشیہ اونکی لپٹ گئے

وہ اک ادا سکھا کے صبا کو جو ہٹ گئے
غنچون کے دل گلون کے کلیجے الٹ گئے

تھام اونکا نکھری ہوا رتبے بھی گھٹ گئے
گل اونکا حسن دیکھ کے دل مین کٹ گئے

یہ کیسی پیارے ہاتھ لگا کر وہ ہٹ گئے
پھاہا ہون زخم زخم سے چھپا لپٹ گئے

جوبن جو دیدنی تھا جوانان باغ کا
گل کی جھلسرا کے بھی پردے الٹ گئے

تنگی خانہ باغ جہان تجھ پہ کھل گئی
بو کے بھی پاؤن پھیلا نہ ہوئی جب سمٹ گئے

ممنون انقلاب ہون تیرا فلک مین کیون ن
اوسکے نصیب سبھی دن الٹ گئے

دفتر گنہ کا دیکھ کے کی وہ لحد مین آہ
مثل ورق زمین کے طبقے الٹ گئے

پھوٹے پھپھولے کب مرے کیفیت شراب مین
تابش مین آفتاب کی انگور پھٹ گئے

کچھ بھی ہی اعتبار تمہارے مزاج کا
آئے تو بے بلائے بلایا تو ہٹ گئے

بیچ نے تقاضا سن کا بھی آفت ہی قہر ہے
بہ رنگ بطرے جسے جس سی ملے وہ لپٹ گئے

ہنگامِ نزع آگئی جب یاد قبر تنگ
پھیلے ہوئے جو پاؤن مرے تھے سمٹ گئے

کیسی بہار سب یہ پانت کے رنگ ہین
قینچی جو باغبان کی چلی پھول کٹ گئے

دشمن کی دشمنی سی یونہی منتخب ہوے تو
جیسے اوٹھا کے زخم تبر نخل چھٹ گئے

اہل ریاض سی نہ لڑا اینکو سہل جان
دہقان کے پاؤن کھیت سے کس زور ہٹ گئے

صیاد ایک نوع کی پرواز یہ بھی تھی
کاٹے اوڑے قفس کے مرے پر جو کٹ گئے

دل دیکے بوسہ پاؤن تو کیونکر نہ خوش ہوئین
سودا ایکا تو دام بھی بایع کی پٹ گئے

کیا شی وہ قت بد ہی کہ سمجھا اوسی بھی لطف
شعلہ سقر کے مجھسے جو آ آ لپٹ گئے

مجرم وہ تنہا ہوئی جو مری حشر مین پکار
تھے جرم جتنے تھی مری پلہ سی ہٹ گئے

کیون سخت جان بھی ورِ فلک مین نہ زار ہون
جب چرخ پر چڑھے تو ٹکڑے بھی کٹ گئے

دنیا کی نفرتون سی بڑھی درد اور بھی
دل ہٹ گیا تو زخم کے انگور پھٹ لئے

تلوار رہزنوں نے اٹھائی و نیہ کسطرح — رستے ہی سی غریب مسافر جو کٹ گئے

سوتی ہین اک نہ اک کی ہم آغوش وہ رہے — اوتری قبا تو پھول بدن سی لپٹ گئے

جو نیک تھے نہ حشر کے مجمع مین وہ رکے — اہل گنہ کو جسنے ہٹایا یہ ہٹ گئے

ناحق کی چھیڑ مین لائینگی رنگ ایکدن حضور — غنچوں کے دل نسیم سی آخر کو پھٹ گئے

بوس و کنار بلبل و گل دیکھتے ہو کیا — تم تھوڑی ہو گلے جو لگایا تو ہٹ گئے

لیجاؤ نار مین بھی سنا غل جو حشر مین — سر کو جھکا کے آپ گنہگار ہٹ گئے

کہتے تھے بلبلوں سی کہ نالے کرو نہ یوں — پردے گلوں کے گوش کے آخر کو پھٹ گئے

غنچوں نے سو زبانو نیہ بدلی نہ اپنی بات — اک آپ ہین جو بات کہی اور پلٹ گئے

کیونکر مری دکھوں نے دکھائی جہانکی دل — اللہ میرے درد زمانے پہ بٹ گئے

دیکھا انجانے کیا گل و بلبل نے صبحدم — طائر تک اپنی اپنی نشیمن مین ہٹ گئے

سینے پہ ہو تو لطف ہا دیکھئے ضدین — مشتاق دل پہ ہاتھ جب آیا تو ہٹ گئے

یہان نصف رات اک گرہ سخت ہو گئی
سو ٹھین وہان جو بال کمر سی لپٹ گئے

سچ ہے پناہ مانگی تری نگاہ سے
پردے سے جو کہ جڑ ہوے بیٹھے تھی ہٹ گئے

ای عیب پوش حشر مجھی بھی ہو کو ہی حکم
اب کیا ہے ڈھنے پا بین کے بھی لوگ ہٹ گئے

اوسوقت میری خاک پریشان نے رو دیا
جام گلی سی جب لب نازک لپٹ گئے

شاید ہون میرے قلب کے ٹکڑون سے ہم عدد
لشکر ہزار ہا اسی حسرت مین لپٹ گئے

طالب ہم اونکے وصل کے ہین واہ ری نصیب
پرچھائین کہ جو دیکھکے پر دیکھین ہٹ گئے

جب رنگ عفو حشر مین چہرونپہ آ گیا
یہ جرم مجرمون کی کمر سے لپٹ گئے

غزل ۱۳۸

ماہر غزل نہ کہئے یہ شتاہر اک سی کون
خامے سے بھی یہ کم تھے جو میدان ہٹ گئے

شعر

دلونکا درد نہ کسطرح ہو بیان کے لیے
زبان مرے لیے ہی مزا زبان کے لیے

فروغ شمع نکیون ہو مرے بیان کے لیے
کھلا ہون سر سے قدم تک فقط زبان کے لیے

جہان کے عیش خیز کیون غم ہون اک جہان کے لیے
کہ دور دور ہے گردش ہر آسمان کے لیے

یہ حد تھی میرے پھڑکنے کی بوستان کے لیے
قفس کی تیلیان لایا ہون آشیان کے لیے

یہ کم تھی بات تنکون کی سوز جان کے لیے
زبان شمع ہو گلگیر کے دہان کے لیے

پھڑک پھڑک کی ہا یونہین بوستان کے لیے
کہ منھ قفس کا بھی کھلنے لگا فغان کے لیے

نصیب سوختہ وہ ہون کہ وہ بھی برق بنی
جو لاؤن خس کی بھی تنکا آشیان کے لیے

فلک مین برق کی گرنے کی رمز کو سمجھا
تلاش تھی مجھے جگنو کی آشیان کے لیے

سبب ہے کیف فلک کا مری عرقریزی
یہی شراب تھی مینائے آسمان کے لیے

اوسیکو شمع مین دیکھا او جڑتی آنکھون سے
جہان مین تنکی چنی تھی جس آشیان کے لیے

چھپاؤ لاکھ یہ کہتی ہے نقل باتون کی
زبان بنی تھی تمہاری مری دہان کے لیے

خدا کی شان کہ ہون میر عکس داغ نجوم
مجھے جو دے وہی ہو برج آسمان کے لیے

مین اوس فا سے تو ہونگا لحد مین او رفتا
نشان کیون مٹے جاتے ہین نشان کے لیے

ہے ایک تو کہ محل باغ دہر میں ہے جسکا
ہم ایک تھے کہ ملی جا نہ آشیان کے لیے

ستمگر و ستم ایجادیاں چلی جائیں
نہ اوٹھ رہے کوئی بیداد آسمان کے لیے

دکھا جو قلب تو صیاد نے کہا کمبخت
اوٹھا رکھا تھا یہ درد آہ کی فغان کے لیے

جگہ نہ چھوڑے نکلنے دے نام کو اپنے
سکون مفر نہیں چلتی ہوئی دوکان کے لیے

اونہیں میں جمع جوانی ہوئی ہی عالم کی
شباب چھوٹ گیا سیکڑوں جوان کے لیے

اوسی سے نام ستمگر ہوا ہی گردون کا
جفا جو چھوڑ دی تھی تمنائے آسمان کے لیے

لکھا ہوا مری قسمت کا صاف کہتا ہے
جبین بنی تھی تری سنگ آستان کے لیے

نہ ساتھ دیں مرا صیاد گر تو کیا ہوگا
ہزار اسیر قفس بیٹھے ہیں فغان کے لیے

دنی سی بعد بہتر ہے گو عروج ہو خاک
زمین پست ہوئی فرق آسمان کے لیے

نہیں مجھی کو تلاش مسافران عدم
ہوا بھی خاک اوڑاتی ہی کاروان کے لیے

اوسی سے کھل گیا حال قفس مرا سارا
پروتیں تیلیاں لائی تھیں جو نشان کے لیے

ہماری مایۂ فانی ہی رنج ہے سلطنت کا کیا
ہما زمین پہ گرے ہے چند استخوان کے لیے

زبان بغیر جو خوش ہیں وہ کون ہیں اے ہمدم
زبان پاکے تڑپتا ہوں میں زبان کے لیے

شب فراق میں لوٹونگا کہکشان کی طرح
کمر کسی ہے جو گردوں نے امتحان کے لیے

قفس میں ہاتھ پہ رکھے بیٹھے ہیں کبھی صیاد
پھڑک رہا ہوں میں کس طرح بوستان کے لیے

چمن چھٹا بھی تو کب جب نکل چکے حسرت دل
کھلا تھا منھ بھی نہ پورا ابھی فغان کے لیے

غزل ۱۳۹

قلم کو کیوں نہ میں ہمدرد سمجھوں اے ماہر
نگار دل ہے مرا لکھ رہیں زبان کے لیے

شعر ۳۶

صاحب کمال بھی تو گرسنہ یوہیں رہے
حاتم کے کیوں شکم پہ نہ سنگ نگین رہے

چند میں خاک ہو کے نہ زیر زمین رہے
پروردگار ہم نہیں نا وہیں رہے

نامی بھی نامیوں کے مقابل میں ہیں رہے
جیسی نگین سی کلہ پہ کلہ نگین رہے

تر تمہیں ہم کہیں رہے عصا کہیں رہے
بیانے سے تو بھیل بچھل کے زیر زمین رہے

ہم کیا عجب جو غیر کے غم مین حزین رہے | دکھتا ہے دل ہی درد نہین کہین رہے
جس جگہ ہو چین تو اوسکی زمین رہے | مین ہون کہ مین کہین ہوا اور دل کہین رہے
گر بندگی عادت اہل کمال ہو | کاغذ پہ کیون نگین کا نشان جبین رہے
پامال ہونکا غل ہے ہوا بر خلاف ہے | کیونکر غبار رحم سے جہان کہین رہے
ادنا فقیر اوسکے ہین یہ ہے ہمارا حال | شہر و نمین کہ پھر کبھی صحرا نشین رہے
زخم جگر اوٹھا کے جو پیدا کیا تھا نام | خاتم کے سرکا تاج جہان نگین رہے
اہل جہاز سے تو سنا حال بحر سب | وہ کیا کہے جو موج کا کشتی نشین رہے
مانند شمع ہے وہ دکھائی ضیا فگن | روشن نہ کیون کنول کیطرح آستین رہے
نازک گلی مین یون نظر آتا ہے رنگ خون | شیشے مین جسطرح کہ مے آتشین رہے
حکم بہار اونکی یہ آیا ہے باغ مین | ہو گل کی رگ سے نرم جو کانٹا کہین رہے
کیا نامیونکی قدر ہے اے اہل بزم واہ | بیرون حد حلقۂ خاتم نگین رہے

ای دوست تیری دید کی حسرت ہے اسطرح
مین بھی اوٹھون جو بیچ مین پردہ کہین رہے

آخر زمین پہ لائی ڈبوکر ہوائی دل
کیون آسمان شوق پہ مین سفینہ نشین رہے

صیقل مکان مین وضع کو چھوڑین نہ اہل نام
تنگی اوٹھائے گھر کے نہ باہر نگین رہے

گمگشتہ اہل نام رہے یوہین دہر مین
گردش نصیب ہاتھ مین جیسے نگین رہے

گذرا ہے دلین کو کسطرح سی خیال زلف
کیونکر نہ کوچہ رگ جان عنبرین رہے

شیشہ حیا سے بن تو جلے دل مری طرح
آنکھون مین آپ ہو تو جگر آتشین رہے

چھوڑین مکان تنگ نہ اصحاب نام
تنکا کیا یہ حال کہ تختہ نگین رہے

پھونکا تھا کچھ ہوا نے حبابون کے کان مین
دریا بھی کیون نہ موج سی چین بر جبین رہے

اوس دل کے ڈوبنے کو نہ پوچھو کچھ اہل بحر
جو موج دود آہ کا کشتی نشین رہے

ہم بیکسون کی ناؤ ڈبونے سے کیا ملا
خود بھی تباہ موجہ دریا حبین رہے

اک تھی ہوا کہ خاک اوڑا کر چلی گئی
اک مین کہ ہون طپان تو نہ باقی زمین رہے

قیامت ہنگامہ ہین تیری چال سے
اتنا مجھے لے ہاتھ سے پامال نگین رہے

تیر کا نشان کیا سینکڑون
سایہ کی طرح ساتھ کہین گرے پڑین رہے

پہلے کیا ہین قبر
یا ہم تیری تربت کے سرہانے پائین رہے

کیون پیر خیر سے گرین سا جهان نام
ساتھ ہون مجھی تو منہ کو پھرا کے گین رہے

لیتے ہین تکلفات شو ا م
چھوا دو لیوان تم چھپی آستین رہے

کہتے تھے کو زیبا
لو خوش ہو تم ہی بات کے قابل نہین رہے

قاتل مجھے ہاتھ کو کوئی نہ تھام لے
دیکھو مری لہو سی الگ آستین رہے

ای عشق کہ جگر اس سے کھا
دلمین جو درد ہو وہ دہن کا دہن رہے

نکلے تلاش رزق کو آخر بھی
اللہ کے فقیر جہان تھی وہین رہے

غزل ۱۴۰

ناصر کو قدر در رہے دہین اشک بھی عزیز
تارا صدف کی آنکھ کا در ثمین رہے

شعر ۱۴

تمھاری بروی پر مو سا ہی ستمگر بھی
یہ وہ ہے تیغ کہ خنجر ہین سبکی جوہر بھی

روان ہی عمر کے ہمراہ قلب مضطر بھی
سفر مین ہی ہی سفینہ پڑا ہے لنگر بھی

خوشا مرض کہ عیادت کو آئے دلبر بھی
پھر اپنے سر کہ مرا پھر گیا مقدر بھی

دکھا یہ جذب تو ای حلق خشک ہو تر بھی
سمٹ کے بوند ہو پانی کی آب خنجر بھی

جفا جفا پہ ہو ٹھہرے نہ ہاتھ دم بھر بھی
تمہارا نام ہے سفاک بھی ستمگر بھی

بڑھاپے مین نہ بشر کا ہو کیون زوال بصر
سحر کو ہوتی ہین بے نور چشم اختر بھی

جواب دون تجھی ای عیب جو پس بھیڑ مین کیا
کہ منہ کیطرحسی گھیرے ہین اہل محشر بھی

جنون کا خون بھی فصاد کیا ڈراتا تھا
کہ مین بھی عشق مین ہون بیدم نشتر بھی

لگی تھی جان مری جسطرح سے خنجر مین
گرا نہ پیاس مین پانی یہ یون کبوتر بھی

لفافہ کرکے مین قاصد کو خط نہ دون کیونکر
کہ ہے نظر مین گرہ باز بی کبوتر بھی

ہماری خون سی اتنی تو اونہین جان پڑی
کہ مثل پشہ اوڑین نشترون کے جوہر بھی

نہ آتی تھی یہ وحشت کسطرح عشق آجاتا
لہو کو دیکھ کے اولٹا پڑا ہی نشتر بھی

نہ ایسا ذبح مرا ہوگا اک وحشی کو قتل
کریگا ایک لہو پانی اپنا خنجر بھی

جنون کیون ہو مجھی انتظار قاصد مین
جو خط کو لکھون مین تو تنکی چنین کبوتر بھی

علاوہ اونکی ادا کے مجھے یہ رونا ہے
کریگا ذبح مجھی منہ پھیر اکے خنجر بھی

مری نہ ہونٹ کے اوڑنیکی جد کو پہونچین گے
زمین سی اوٹھکے فلک بند ہون کبوتر بھی

وہ تمسے کرچکین عتب پشیمان تیری
کھڑا ہو نہین بھی تیر آگئے اہل محشر بھی

کسیکی تیغ کا کیا ہے فقط جگر کو خیال
ٹھہر ٹھہر کے تڑپتا ہے قلب مضطر بھی

جو تو نہین لیون مرا کے تہ ہونٹ اوڑ دیتا
رگون کو دیکھ کے کچھ کھو گیا ہے نشتر بھی

تمہاری گیسوئے تنہین بیابان بلا مین پھنسا
نہ کھائی ٹھوکرین ظلمت کی اب سکندر بھی

سبب یہ تھا کہ لہو دوڑ کر خبر لایا
جگر بھی ڈھونڈتا تھا تمکو قلب مضطر بھی

ہوا ایک عالم تو آنسو وہ پونچھین دامن سے
ہمارے اشک تو قطرہ بھی ہین سمندر بھی

نسیم صبح سنی کام زلف [illegible] ‏ / [illegible]

[illegible] ‏ / [illegible]

تمہاری [illegible] ‏ / [illegible]

[illegible] دل [illegible] ‏ / [illegible]

قریب [illegible] ‏ / [illegible]

مری سانس مین تھی جو تپش آئی ہے ‏ / کھڑے ہین سر کو جھکائے سب اپنے مر بھی

یہ کس کا حال ہے کہتے ہین نیند مین شب وصل ‏ / ارے یہ کیا کہ جھپکتی ہے چشم اختر بھی

یوہین رہینگی دھمکتی رگین اے فصاد ‏ / تڑپ کیطرح الگ جا پڑیگا نشتر بھی

یہ کیا وہ ہاتھ کو رکھکر چلے گئے تھے جہان ‏ / اوسی جگہ پہ تڑپتا ہے قلب مضطر بھی

فساد کرکے الگ ہو گئی جو اونکی مژہ ‏ / کھٹک گئی مری بگڑی لہو سی نشتر بھی

ہماری ہجر کی سانسونکا ہے اثر سارا ‏ / کرے نہ رات کو کیون سائین سائین صرصر بھی

نگہ کے دیکھنے سے شاکی ہوا دل اسکا [illegible] کیا
زہے [illegible] کے تو پانی ہو [illegible] تقصیر [illegible]

بہا سے دل کی آگ [illegible]
اولے جو [illegible] ہین [illegible] خنجر [illegible]

پیکار دل [illegible]
لہو کی بوند [illegible] تجھے قلب مضطر بھی

[illegible] سیال
لہو بھی آگ ہے لو دے رہا ہے نشتر بھی

جواب [illegible] پرسش کہو پوچھو ن
کرے دم بخود ہین شفیعان روزِ محشر بھی

روا کو روک کے کرتے ہین مجھسی بات وہ جب
جگر کی آڑ مین روتا ہے قلبِ مضطر بھی

غزل ۱۴۱

فسادِ خون سے کچھ عجب نہین ماہر
رگونکا منہ بھی کھلے اور زبانِ نشتر بھی

۵۴ شعر

یہ حالِ اشکِ دلِ حزین ہی شمول سی جوشِ بحرِ چین سے ہے

جہاز بھی گر کوئی کہین ہے صدف کی مانند تہہ نشین ہے

جگر جلا مجھسا بھی کہین ہے دھوان غبارِ لحد نشین ہے

کسیکو یہ سوزِ دل کہین ہی کہ ساری جلتی ہی زمین ہے

تجھے جو سوزِ دلِ حزین ہے تو حاجتِ شمع بھی نہین ہے

یہ جلوہ داغِ آتشین ہے چراغ گھر کا جو خود نگین ہے

ملال مین خوش کوئی کہین ہے کہ سنگ بھی وہم بجز دمین ہے

جگر خراشی سی یہ حزین ہے یہان یہ ڈالے شکن نگین ہے

عبث جہان میرا عیب بین ہے جو وسعتِ خوئی رہت نگین ہے

مٹانا آسمان مرا نہین ہے کہ نامِ عاشق خطِ جبین ہے

فلک کا رنگ مین زہرِ کین ہے جو داغ سینے کلی مین ہے

ہماری ہمت کو آفرین ہے ہزار ہیت مار اک آستین ہے

فراق کی تاب ہی نہین ہی ملال اس حسن کا کہین ہے

مرا جو لختِ دلِ حزین ہی وہ ایک ترشا ہوا نگین ہے

مثالِ نشانِ ہوس نہین ہی کہ کثرتِ زخمت پر حزین ہے
ہزار رفعی کو آفرین ہے وہی ہی جامہ جو آستین سے ہے
فلک کے ہاتھون کہان کمین ہے ہزار نامی کو آفرین ہے
ہر تنگی خانہ نگین ہے کہ جسمین ملنے کی جا نہین ہے
عجیب نفسِ دلِ حزین ہی بتاؤن کیونکر کھٹک یہین ہے
اسیقدر بس مجھے یقین ہے تمام سینے مین ہان کہین ہے
طلب مین دنیا کی کیون حزین ہے ارے بڑی شی کوئی نہین ہے
سمجھلے اتنی یہ سب زمین ہی کہ خسروون کے تہِ نگین ہے
کہون یہ مین کیون کہ ہی نہین ہی سمجھلو تم خود اگر کہین ہے
یہی نشانِ دلِ حزین ہی تجھے جہان ہاتھ دل وہین ہے
نہ جانین کیون گم دلِ حزین ہی کوئی تو یہان غیر بھی نہین ہے

لیا ہے جست نے یقین ہے اسی گیا ہے [illegible] نگین ہے

او سیہ کاری مین سب بختی ہو [illegible] الرے جو نیا [illegible]

اسی [illegible] بھری بخشی رشید اجہان [illegible] ماثرہ [illegible] ہے

[illegible] سام ہی فقر نیا نہ کہ دل لو تا بیون کا [illegible]

سپے گدائی جو [illegible] پالا وہی [illegible] دامن نگین ہے

بہت ہو نام کا تو خواہان لہ بسقدر رہنی ہی سب سے ایمان

خیال اصلاح او سیہ نام ان جو حط بیٹھا نہ نگین ہے

عجب طریقے جہان مین پاسے کہ نام کے ذکر کچھ نہ آسکے

سبب کہ خاتم نہ سر چڑھائے وہ دل تہی و ترا ہو نگین ہے

و تو ہو کسب ہنر پہ رشید الکمال تجہہ مین بھی ہون ہویدا

کیا ہے اسطرح نام پیدا کہ خون غم سی دل نگین ہے

نہ جانیں کیسی ہی سہم عالم وہ کم ہے جسکے ہیں قدردان کم
ٹھہائے جسکو نہ سر پہ خاتم گرا ہوا دل ہی وہ نگین ہے

وہ دل اُمیدوں کا تھا جو مسکن وہی ہے اب حسرتوں کا مدفن
کبھی جو تھا مثل لعل روشن وہی دل اب تیرہ تر نگین ہے

فلک نے اتنے تو غم دکھائے کمال ذاتی میں حرف آئے
جو چاہے باتیں بھی اب سنائے کہ دلکو چپ کے نگین ہے

ہماری مردہ دلی کی ہیم صدا یہ ہے نامیوں کو ہر دم
کوئی تو ہے دفن قبرِ خاتم کہ جسکا سنگِ لحد نگین ہے

عجب ہیں بیدرد اہلِ عالم جنہیں نہیں نامیوں کا بھی غم
جسے سمجھتے ہیں ظرفِ خاتم وہ حوض خونِ دل نگین ہے

وہ دل جو زندہ ہی لاش بھی ہی صحیح بھی پاش پاش بھی ہے

اوسیکی مجکو تلاش ہی ہی کبہی جو تہا اور اب نہین ہے

عبث ہے ذکر اب کسی [illegible] کہ [illegible] آئی شباب گذرا

علاقہ ناز و ادا سے اب کیا [illegible] دل نہین ہے

جب اپنے پہلو مین ہی نپایا ہر ایک کوچے مین جا کے ڈہونڈہا

کہین نپا اوس دل حزین کا تمہاری سر کی قسم نہین ہے

نہ اب ہے فکر وصال دل مین نہ اب ہی کوئی خیال دل مین

یہ ہے ہجوم ملال دل مین کہ درد کی بہی جگہہ نہین ہے

کہان یہ سوز و گداز دنیا کہان وہ اک رات بہر کا جلوا

ہی جسمین پر تو ہماری دل کا چراغ وہ بجہتا ہی نہین ہے

ہماری ہیئت جو یوہین رکہی نہین فلک سے جگہہ گلے کی

جسے چہتین دیکہی ہون ہٹی لحد کی حاجت اوسی نہین ہے

جہان مین کیون ہون نہ مین خطر مین گہی ہی دوات و قلم نظر مین

قدم تو رکھا ہے مین نے گھر مین سفر کا ہنگام بھی قرین ہے

ستا کسی کو نہ پا کے نے لیس سب دیے نہ کیونکر غریب مکیں

مجھے تو او منعم متین بس کہ ڈر سے تمہی خود آستین ہے

یہ میرے زور و ستک تم سے ہین کہ گو وہ آگے سے ٹل رہی ہین

جنون وہ ہات اپنے اژدہے ہین کہ غار جنکا ہو آستین ہے

کیا تھا جب مین نے دلکو رخصت کچھ ایسی ہی سینہ کی تھی حالت

جدا ہوئے گو ہوئی ہے مدت نشان مگر کچھ کہین کہین ہے

وہ دل کہ جسکے غضب تھے لپٹے جگر مین وہ رہگیا ہے ہٹکے

جو توڑے پہلو تڑپ تڑپ کے وہی دل اب سینے مین کہین ہے

خبر ملی ہی ابھی جگر سے مرا مسافر پھرا سفر سے

نکل کھڑا ہوں نہ کیوں میں گھر سے سنا ہے دل راہ میں کہیں ہے

لحد میں ساکن ہیں کون نوٹے کہو یہ بت نم سی تو بھی ٹوٹے

اندھیرا چھاتا ہے سر کو کھولے مکان جو چھوڑے ہوئے مکین ہے

نہوں نہیں ہیں جو سہنے والے چپتیں تو بیٹھی ہیں دل سنبھالے

فلک کے دورے جو ہیں نرالے مکان اپنا ہی خود مکین ہے

ملے نہ جب چین سر بھی دُھنکے تو کیوں نہ بچاؤں بکلی ستکے

سُنا یہ پہنا جو رخت جسکے چڑھی ہوئی آستین سے ہے

یہ کہتی ہے جلد دستِ منعم دبانا اور دون کا جیب ہی لازم

چڑھا اوسے بھی کبھی تو ظالم جو رختِ اصلی کی آستین سے ہے

نہ سوزِ دل کی وہ سوزشیں ہیں نہ خانۂ غم کی وہ کاوشیں ہیں

نہ اب گریباں کی خواہشیں ہیں نہ فکر داماں و آستین سے ہے

عروقِ پیری مین جو عیان ہین اونھین مین دنیا کے سم نہان ہین

کہان یہ ہاتھون کی جھُریان ہین ہزار ہین مار آستین ہے

جنون نے رسوائی اسقدر کی نہ آبرو بھی کسین کی رکھی

بندھی جو ہے بعدِ فصد پٹی نگٹ وہی مار آستین ہے

ارے غضب کب آرہا ہے تجھکو کسکو ستا رہا ہے

جو تو بتے کو دبا رہا ہے چڑھائے تیوری خود آستین ہے

حباب ستے ڈل جو ہون وہ ٹوٹین یہ تاب ہمکو کہان جو دیکھین

کرین حیا بو نیہ ظلم موجین ہماری آنکھونپہ آستین ہے

نئی جو دورانِ مہروسہ ہون گئے ہون صدمہ ملال گہہ ہون

کدورتین کیون نہ تہہ بہ تہہ ہون زمین بھی تو تہہِ زمین ہے

عبث سب ارمان بھی نکالے عبث بیابان بھی چھان ڈالے

پڑا ہون منھ سے بغل مین شالے او سے جلا قلو دل حزین سے

فشاریون مجکو ہو رہا ہے نکل نکلکر یہ دم رکا ہے

کہین سی سنگ لحد جھکا ہے کہین سے ابھری ہوئی زمین ہے

نہ دیدکیون مرکے اونکی چاہین ہین لا لہ پہ اپ نظر کی راہین

کبھی جو نکلی تہین ترچھی آہین لحد سی تا خانہ شق زمین ہے

گھر وہین جب جاکے ہم پکارے کہا خموشی نے سب سدہارے

جھکے ستون نے کئے اشارے مکین ہمارا تہ زمین ہے

فشار کیا یون ہین سہگیا ہون نجانے کیا منہ سے کہگیا ہون

تڑپ تڑپ کر جو رہگیا ہون تمام بکسی ہوئی زمین ہے

وہ دل ہی شعلہ نکل رہا ہی لحد کا پتھر پگھل رہا ہے

اگر بھی نے آگ جل رہا ہے تمام تڑپتی ہوئی زمین ہے

یہ کون ہاتھون سے مل رہا ہے جگر کہ تو دم نکل رہا ہے

چراغ کی طرح جل رہا ہے مین بجھکے ہوئے دل کو آفرین ہے

جو وہ عصیان ہین مجکو گھیرے کریم رحمت تو منہ نہ پھیرے

لحد مین اک پھینکے کو میرے بھانکی مٹی جو دی زمین ہے

اٹھو الفت کے ہین نرالے لحد پہ کہتے ہین دل سنبھالے

کوئی نہ یہان ہمسے بولے چالے کہ تربت ماہر حزین ہے

قطعہ تاریخ جناب مولوی سید علی صاحب قبلہ متخلص بہ کامل ظلہ

حضرت ماہر سپہر فیض و دریائی کرم	آپ ہین سرحلقۂ اہل سخن قیل و قال
آپکی تعریف مین ہم ناقصونکا ذکر کیا	عقل کل کا نطق اس مشق و مہارت پہ لال
کون لکھ سکتا ہے اس دیوان عالی کی ثنا	بند کرنا بحر کا کوزہ مین ہی امر محال
وہ صفا بندش مین جس آب گوہر شرمسار	شوخیان مضمونکی وہ جنسے خجل چشم غزال

مدح میں بیساختہ دشمن کے کھل جاتے ہیں لب
حق اگر پوچھیں اسی کا نام ہی سحر حلال

سر زمین ہند پر ابتک نہیں پیدا ہوا
آپکا ایسا بلیغ نکتہ دان نازک خیال

مصرع سال: نہ ورہ صفت دیوان میں کیا کامل رقم
سبحان شکر ماہر دیوان کمال

سنہ ۱۲۸۴

بخط خام بندہ اثم محمد تقی خورشید رقم

اعلان

تالیف بے نظیر یہ دیوان عدیم المثال نسخہ بے نظیر خیال دقیق صیف اسکا ... نتائج فکر عالی و انوری خاطر ... جامع الفضائل ... علی القاب فیاض زمان حاتم دوران جناب مولوی سید مہدی حسین صاحب متخلص بہ ماہر لکھنوی دام اقبالہ وضاعف اجلالہ نے اپنی دریادلی سے اس ذرۂ بے مقدار کو معاف فرمایا ہے لہذا تاجران و اہل مطابع و اہل شہر و بیرونجات بدون اجازت حقیر قصد طبع نہ فرمائیں عوض نفع کے نقصان اوٹھائیں کیونکہ حسب قانون ایکٹ (۲۵) سنہ ۱۸۶۷ عیسوی یہ دیوان داخل رجسٹر سرکار گورنمنٹ ہو گیا ہے

قیمت فی نسخہ بدون محصول اہل شہر کو ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ) و بیرونجات مع محصول و دیلو دو روپیہ (عہ) ـ

(نوٹس) جس نسخہ پر مہر و دستخط مصنف نہ ہو سیاہی عام ہو وہ مال مسروقہ ہے نہ خریدیں ـ

راقم

داروغہ سید محمد ساکن لکھنؤ چوہری محلہ تھانہ چوک مکان حکیم شیخ علی محمد صاحب - داروغہ سرکار شریعت مدار جناب محمد حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر دام ظلہ - (نمبر مکان ۱۳۳)

HYDERABAD